کولکاتہ (اسپورٹس ڈیسک) بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان 3 روزہ ڈے اینڈ ناٹ ٹیسٹ میں ایس جی پنک گیند استعمال کی جائے گی، بنگلہ دیشی بورڈ کی جانب سے کولکاتہ کے ایڈن گارڈنز میں ہونے والے ٹیسٹ معمولی رکاوٹوں میں کھیلے جانے پر اتفاق کے بعد ہی سی سی آئی کے صدر سارو گنگولی نے کہا تھا کہ اس سیریز میں ایس جی گیند استعمال کی جائے گی۔

ورلڈ کپ، رگبی ٹیم کرکٹ سے تحریک لینے لگی

ٹوکیو (اے ایف پی) انگلش رگبی ٹیم ورلڈ کپ جیتنے کیلئے کرکٹ ٹیم سے تحریک لینے لگی، اس کا جیتنے کا انوکھا طریقہ سے مقابلہ ہوگا، انگلینڈ کے رگبی کوچ اسٹی جیکسن کا کہنا ہے کہ جس طرح کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں بیٹنگ کے خلاف بالصلاحیت انگلش ٹیم نے سنسنی خیز مقابلے میں کامیابی حاصل کی، اسی طرح ہم رگبی کھیلنے والے ہیں کہ ہمارا مقابلہ بھی ایسے ہی کھلاڑیوں سے ہے۔

آسٹریلوی کنڈیشنز ہم آہنگ ہوگئے سیریز میں اسی معیار برقرار رکھیں گے، فنچ

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) قومی کرکٹ کے سپوٹر فنچ زبان کاٹ کہتے ہے کہ آسٹریلوی کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہوگئے، بولرز دورہ میں ہیں، تیسرے ون ڈے میں بھی اچھی کرکٹ دیکھنے کو ملے گی، میزبان کنٹرولڈ کرکٹ کا مظاہرہ کریں گے، کرکٹ آسٹریلیا الیون کے خلاف وارم اپ میچ میں فتح کے بعد ایک انٹرویو میں اوپنر کا کہنا تھا کہ سڈنی میں آمد کے بعد یہاں نیٹ میں خاصی محنت کی ہے یہاں کی پچز مختلف ہیں لیکن کافی عرصہ کنڈیشنز کو سمجھ چکے ہیں، پریکٹس میچ میں بولرز نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے میزبان ٹیم کو بڑا اسکور نہیں کرنے دیا، بولرز اور اوپنرز سب رنز میں نکھر آئے، بولڈ ہونے کی وجہ سے بلے باز پریشان ہوئے، انگلینڈ کے خلاف ڈراپ کیچز کے بعد کارکردگی کا بہتر مظاہرہ کیا، ہیلمٹ کو بھی کیچز پر ہیٹ ہونے سے بلے باز پریشان ہوئے، اب ٹیم کی کارکردگی کا یہی معیار آسٹریلیا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں بھی برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔

سرفراز اور تابش نے سندھ کی شکست کو ٹال دیا

قائداعظم ٹرافی میچ میں کپتان نے فتحی بنائی، ٹیل اینڈر کا 33 گیندوں پر 1 رن کرنے والے لیگ اسپنر یاسر شاہ نے میچ میں 6 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

لاہور (اسپورٹس رپورٹر) قائداعظم ٹرافی ٹورنامنٹ میں سرفراز احمد اور تابش خان کی مزاحمت نے سندھ کی فتح چھین لی، کپتان نے فتحی کیلئے 75 منٹ کریز پر گزارے، یاسر شاہ نے 33 گیندوں پر صرف ایک رن بنایا، سنٹرل پنجاب کے بولرز آخری 2 وکٹیں نہ حاصل کرپائے، سنسنی خیز میچ ڈرا ہوگیا، دیگر میچز بھی ڈرا رہے، تصیبرت کے مطابق قائداعظم ٹرافی فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ کا پانچواں راؤنڈ مکمل ہوگیا، اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں سنٹرل پنجاب کیخلاف میچ میں 331 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے سندھ نے 56 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنائے تھے کہ آخری روز کے کھیل کا باقاعدہ آغاز ہوا، سرفراز احمد نے 75 منٹ کریز پر گزارنے والے کپتان سرفراز احمد نے 54 رنز کی اننگز کھیلی، 33 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے تابش خان ایک رن بنا کر ناقابل شکست رہے، یاسر شاہ نے 40 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 3 چوکوں کی مدد سے 33 رنز بنائے، ٹیل اینڈر فتح نے 2، ابابیل یوسف نے 1 وکٹ حاصل کی، سندھ کی پہلی اننگز 147 رنز کی سست رفتار اننگز کھیلی، 33 گیندوں پر صرف ایک رن بنایا، سنٹرل پنجاب کے بولرز آخری 2 وکٹیں نہ حاصل کرپائے، سنسنی خیز میچ ڈرا ہوگیا، دیگر میچز بھی ڈرا رہے، تصیبرت کے مطابق قائداعظم ٹرافی فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ کا پانچواں راؤنڈ مکمل ہوگیا، اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں سنٹرل پنجاب کیخلاف میچ میں 331 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے سندھ نے 56 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز بنائے تھے کہ آخری روز کے کھیل کا باقاعدہ آغاز ہوا، سرفراز احمد نے 75 منٹ کریز پر گزارنے والے کپتان سرفراز احمد نے 54 رنز کی اننگز کھیلی، 33 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے تابش خان ایک رن بنا کر ناقابل شکست رہے، یاسر شاہ نے 40 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 3 چوکوں کی مدد سے 33 رنز بنائے، ٹیل اینڈر فتح نے 2، ابابیل یوسف نے 1 وکٹ حاصل کی، سندھ کی پہلی اننگز 147 رنز کی سست رفتار اننگز کھیلی، اس سے قبل

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس کراچی

اسٹاک مارکیٹ میں تیزی 34 ہزار پوائنٹس کی نفسیاتی حد بحال

نئی مانیٹری پالیسی میں شرح سود گھٹنے کی امید، حکومت اور تاجروں کے درمیان کامیاب مذاکرات اسٹاک ایکس چینج میں تیزی کا سبب بنے

شیئرز کی مالیت 24 ارب 34 کروڑ 99 لاکھ 24 ہزار 586 روپے بڑھ گئی، کاروباری سرگرمیوں کا دائرہ 355 کمپنیوں کے شیئرز تک محدود رہا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نئی مانیٹری پالیسی میں شرح سود گھٹنے کی امید، حکومت اور تاجروں کے درمیان مذاکرات کامیاب ہونے اور معاہدے کے مثبت اثرات کے باعث پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں تیزی کا رجحان برقرار رہا جس سے انڈیکس کی 34 ہزار پوائنٹس کی نفسیاتی حد بحال ہوگئی۔ تیزی کے سبب 486 مشتہر 19 فیصد حصص کی قیمتیں بڑھ گئیں جبکہ حصص کی مالیت میں 24 ارب 34 کروڑ 99 لاکھ 24 ہزار 586 روپے کا اضافہ ہوگیا۔ مزید پڑھیں (باقی صفحہ 5۔ نمبر 46)

فاریکس ریٹس

بتاریخ 31 اکتوبر 2019ء، اوپن مارکیٹ ریٹس

کرنسی	کم	زیادہ
امریکی ڈالر	155.50	155.90
یورو	172.50	174.50
برطانوی پاؤنڈ اسٹرلنگ	199.75	202.00
جاپانی ین	1.42	1.45
چائنیز یوآن	22.00	22.15
آسٹریلین ڈالر	106.50	108.00
انڈین روپیہ	2.15	2.22
یو اے ای درہم	42.25	42.65
کینیڈین ڈالر	118.00	120.50
سعودی ریال	41.30	41.70

اسٹیٹ بینک: الیکٹرانک ویئرہاؤس رسید پر قرض حاصل کرنیکی اجازت

مرکزی بینک نے زرعی قرضوں، SME فائنانسنگ، کمرشل بینکاری ریگولیشنز میں ترمیم کردی

بینک الیکٹرانک ویئرہاؤس رسید رکھ کر قرض دینگے، چھوٹے کاشتکاروں کو فائدہ ہوگا

کراچی (بزنس رپورٹر) اسٹیٹ بینک نے الیکٹرانک ویئرہاؤس رسید کو بینک فنانسنگ حاصل کرنے کیلئے بلوم خامات استعمال کرنے کی اجازت دے دی، کاشت کار برادری کو درپیش مالیات تک رسائی کے چیلنج سے نمٹنے کی سمت ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے بینک دولت پاکستان نے زرعی قرضوں، ایس ایم ای (باقی صفحہ 5۔ نمبر 47)

الیکٹرانک فائلنگ اور کم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی ترجیحی مہم جاری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بین الاقوامی سطح پر فی اونس سونے کی قیمت 15 سال کے اضافے 1507 ڈالر کی سطح پر پہنچنے کے باوجود مقامی صرافہ مارکیٹوں میں جمعرات کو فی تولہ روایتی 10 گرام سونے کی قیمتیں بغیر کسی تبدیلی کے مستحکم رہیں۔ (باقی صفحہ 5۔ نمبر 48)

تولہ سونے کی قیمت
88000 روپے پر برقرار

کراچی (بزنس رپورٹر) انٹرنیشنل ٹیکس ریفارم کانگریس کے چیف کنسلٹنٹ ڈاکٹر آفتاب خان نے کہا ہے کہ ٹیکس دہندگان اور کارپوریٹ سیکٹر کی سہولت کے لیے ایف بی آر کی ہدایت پر الیکٹرانک فائلنگ اور کم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی ترجیحی مہم کا باقاعدہ آغاز کیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 5۔ نمبر 49)

سندھ لیبر کانفرنس فروری میں ہوگی، تیاریاں شروع کردیں، سعید غنی

ای او بی آئی اور ورکرز ویلفیئر کی 18 ویں ترمیم کے بعد سندھ کو عدم منتقلی قابل تشویش ہے

صوبے کے مختلف زونز میں سہ فریقی کمیٹیوں کو فعال کیا جائیگا، وزیر محنت، لیبر اسٹینڈنگ کمیٹی کا اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات و محنت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ محکمہ محنت سندھ کے تحت لیبر کانفرنس آئندہ سال فروری میں منعقد کی جائے گی اور اس سلسلے میں تیاریاں شروع کردی گئی ہیں۔ ای او بی آئی اور ورکرز ویلفیئر کو 18 ویں ترمیم کے بعد ابھی تک صوبہ سندھ کو منتقل نہ کیا جانا قابل تشویش ہے، اس سے صوبہ سندھ کے عوام میں بے چینی پائی جاتی ہے۔ (باقی صفحہ 5۔ نمبر 50)

رحیم یار خان: آرمی ہیلی کاپٹر کے ذریعے تیز گام واقعے کے زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا جارہا ہے

اقوام متحدہ میں مستقل مندوب منیر اکرم کی تعیناتی سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج

کراچی (کورٹ رپورٹر) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل نمائندہ منیر اکرم کی تعیناتی کو سندھ ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ منیر اکرم کی تعیناتی کیخلاف سول سوسائٹی کے جالب نے درخواست دائر کی گئی ہے، درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ منیر (باقی صفحہ 5۔ نمبر 59)

حکومت کو اپوزیشن نہیں، اپوزیشن کو اپوزیشن سے خطرہ ہے، ڈاکٹر فردوس

اسلام آباد (اے پی پی) اور یز اعظم کی معاون خصوصی برائے اطلاعات و نشریات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی بھگدڑ ہوئی ہوئی ہے اور کنٹینر پر چڑھ سب نے دیکھ لی ہے پہلے دن کہا تھا اس اپوزیشن آپس میں سیاست کر رہی ہے۔ جمعرات کو اپنے (باقی صفحہ 5۔ نمبر 60)

وزیراعظم آزاد کشمیر کو نواز شریف سے ملاقات کی اجازت نہ مل سکی

لاہور (نمائندہ ایکسپریس) وزیراعظم آزاد کشمیر راجا فاروق حیدر کو سابق وزیراعظم نواز شریف کی عیادت کی اجازت نہ مل سکی، عیادت کیے بغیر واپس روانہ ہو گئے، بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر سابق وزیراعظم نواز شریف کی (باقی صفحہ 5۔ نمبر 61)

مولانا فضل الرحمٰن جہلم میں آزادی مارچ کے شرکا سے خطاب کررہے ہیں، دوسری طرف پشاور سے پی آئی کا قافلہ اسلام آباد کی طرف روانہ ہوا ہے

سوشل میڈیا کی نگرانی امریکی کمپنی کے تعاون سے ویب مانیٹرنگ سسٹم نصب

جدید آلات سے انٹرنیٹ ٹریفک کی نگرانی، گستاخانہ، ریاست مخالف مواد پر الیکٹرانک سائبر کرائم ایکٹ 2016 کے تحت کارروائی ہوگی

امریکی کمپنی سینڈوائن پراپوزیشن، جماعتوں کے تحفظات، سیکیورٹی اعتراضات پیدا ہوئے تو منصوبہ منسوخ کردیا جائیگا، پی ٹی اے حکام

اسلام آباد (رپورٹ: وقاص اعجاز) وفاقی حکومت نے نگلی سطح پر سوشل میڈیا کی مانیٹرنگ کا بڑا منصوبہ بنالیا، پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے الیکٹرانک کرائم کی جدید آلات کے ذریعے انٹرنیٹ ٹریفک کی نگرانی اور تجزیہ کیا جائیگا جبکہ گستاخانہ، غیر مہذب یا غیر اخلاقی اور ریاست مخالف مواد پر الیکٹرانک کرائم اور سائبر کرائم ایکٹ 2016 کے تحت مقدمات (باقی صفحہ 5۔ نمبر 40)

حکومت نے جتنے کنٹینر پکڑے انکا معاوضہ دے، اسلام آباد ہائیکورٹ

کوئی کنٹینر آرٹیکل 18 کی خلاف ورزی کے تحت پکڑا گیا تو اس کیخلاف کارروائی کی جائے

کراچی سے اسلام آباد تک جتنے بھی کنٹینرز ہیں ان کا تحفظ کیا جائے، چیف جسٹس اطہر من اللہ

اسلام آباد (نمائندہ ایکسپریس) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ کی عدالت نے کنٹینرز کی پارکنگ کیخلاف درخواست کیساتھ لگائی گئی درخواست کے دوران اپنی ریمارکس میں کہا کہ کراچی سے اسلام آباد تک جتنے بھی کنٹینرز ہیں ان کا تحفظ کیا جائے، کوئی کنٹینر آرٹیکل 18 کی خلاف ورزی کے تحت پکڑا گیا تو اس کیخلاف کارروائی کی جائے (باقی صفحہ 5۔ نمبر 41)

اسلام آباد: مولانا فضل الرحمٰن کے آزادی مارچ کے پیش نظر ریڈ زون کو کنٹینر لگا کر بند کردیا گیا

سگریٹ ٹیکس ٹریسنگ موبائل ایپلیکیشن طاقتور لابی نے ختم کرادی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلحہ اور تمباکو کو قومی مفاد میں حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ سگریٹ کمپنیوں سے ٹیکس وصولی کی نگرانی کیلئے متنازع کردہ ٹریکنگ اینڈ ٹریس سسٹم کو معطل (باقی صفحہ 5۔ نمبر 57)

ن لیگ کے جلسہ منسوخ ہونے کے بیان نے ابہام پیدا کردیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب کے آزادی مارچ کا جلسہ منسوخ ہونے کے بیان نے ابہام پیدا کردیا، مریم اورنگزیب نے ایک بیان میں کہا کہ ڈیزل (باقی صفحہ 5۔ نمبر 58)

نیو کراچی میں 2 بھائیوں کے قتل کا معمہ حل

گرفتار ملزمان نے اعتراف جرم کرلیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی پولیس نے ڈکیتی کے بعد بیدردی سے ذبح کیے جانے والے 2 سگے بھائیوں کے قتل کا معمہ حل کرلیا، گرفتار ملزمان نے قتل کا اعتراف کرتے ہوئے آلہ قتل بھی برآمد کرا دیا، ایس ایچ او نیو کراچی انسپکٹر طاہر حسین نے بتایا کہ (باقی صفحہ 5۔ نمبر 56)

"کیار" کے متوازی ایک اور طوفان بن گیا، پاکستان کو خطرہ نہیں

سمندری طوفان "ماہا" کراچی سے 1600 کلومیٹر کی دوری پر آج شدت اختیار کرسکتا ہے

کیار بتدریج کمزور پڑنے کے بعد آخری درجے کیٹیگری ون میں منتقل ہوچکا، محکمہ موسمیات

رواں ماہ نومبر میں خلیج بنگال میں سمندری طوفان ٹائیفون بننے کے بھی قوی امکانات پیدا ہوگئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بحیرہ عرب میں پچھلے ہفتے سمندری طوفان کیار کے متوازی ایک اور سمندری طوفان بن گیا، ہوا کے کم دباؤ سے انتہائی تیزی سے طوفان میں بدلنے والا "ماہا" کراچی سے 1600 کلومیٹر کی دوری پر ہے محکمہ موسمیات کے مطابق طوفان ماہا سے کراچی سمیت پاکستان کے ساحلی مقامات کو فی الحال کوئی خطرہ نہیں ہے، آئی (نقشہ) کا سمندری طوفان ماہا شدت اختیار کرسکتا ہے۔ پھیلا (باقی صفحہ 5۔ نمبر 35)

اپوزیشن کی ہنڈیا بیچ چوراہے کے پھوٹ رہی ہے، محمود الرشید

ٹرین کا حادثہ تخریب کاری، محض سلنڈر پھٹنے سے ٹرین اتنا نہیں جل سکتی، نہال ہاشمی

مریم کے بیان سے اپوزیشن انتشار کا شکار نہیں ہوگی، حافظ حمد اللہ، "سینٹر اسٹیج" میں گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ایسک) پی ٹی آئی کے رہنما محمود الرشید نے کہا کہ ٹرین کے سانحے پر افسوس کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ جتنے لوگ اس میں جاں بحق ہوئے اللہ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ دے ایکسپریس نیوز کے پروگرام "سینٹر اسٹیج" میں میزبان جہاں گھوار خان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس واقعہ سے متعلق کی تحقیقات ہونی چاہئیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ انتظامیہ کا قصور ہے کہ لوگ (باقی صفحہ 5۔ نمبر 36)

ریلوے سمیت سب اداروں کو ٹھیک کرنیکی ضرورت ہے، فیصل جاوید

شیخ رشید کا رویہ قوم کے لیے باعث شرم ہے، آگ سلنڈر سے نہیں لگی، مفتی عبدالشکور

طے شدہ شیڈول کے مطابق مارچ میں حصہ لیں گے، جاوید لطیف "کل تک" میں بات چیت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ایسک) پی ٹی آئی کے رہنما جاوید لطیف نے کہا کہ جنت میں جگہ عنایت فرمائے، لواحقین کو صبر جمیل اور ٹرین کو صحت یابی عطا فرمائے، ایکسپریس نیوز کے پروگرام "کل تک" میں میزبان جاوید (باقی صفحہ 5۔ نمبر 37)

بحریہ ٹاؤن کراچی میں بحریہ ایڈونچر لینڈ کے افتتاح کی زبردست تیاریاں

دنیا بھر کی کمپنیوں سے درآمد شدہ اعلیٰ معیار کے جھولے، ڈائنولینڈ اور انٹرنیشنل فوڈ چینز بھی موجود

عوام بے بصری سے قبل قیصر پارک کے افتتاح کے منتظر عظیم الشان آتش بازی کے انتظامات بھی مکمل

کراچی (پ ر) بحریہ ٹاؤن کراچی کی جانب سے کراچی کی عوام کے لیے قیصر پارک کی صورت میں ایک اور تحفہ، بحریہ ٹاؤن کراچی میں تعمیر کردہ درآمد شدہ جدید ترین جھولوں اور تفریحات پر مشتمل (باقی صفحہ 5۔ نمبر 38)

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان سے عالمی بینک کے صدر ڈیوڈ ملپاس ملاقات کررہے ہیں

انڈر انوائسنگ کے ذریعے لاکھوں ڈالر کی منی لانڈرنگ و ٹیکس چوری کا انکشاف

پاکستان کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ کلکٹریٹ کی خفیہ اطلاع پر کارروائی، انڈر انوائسنگ LED لائٹس کے درآمدی کنسائنمنٹس میں کی جارہی تھی

قومی خزانے کو 2 کروڑ روپے کا نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی، متنا انتظار، محمد عثمان، محمد علیم، محمد اشرف و دیگر کیخلاف مقدمہ درج

درآمد کنندگان کی جانب سے منی لانڈرنگ ایکٹ کی خلاف ورزی کی گئی، کسٹمز کی جانب سے کیس نیب کو منتقل کرنے پر بھی غور، ذرائع

کراچی (رپورٹ: احتشام ملحق) پاکستان کسٹمز اپریزمنٹ ایسٹ کلکٹریٹ کے شعبہ آر ایڈ ڈی نے 3 مختلف درآمد کنندگان کی جانب سے ایل ای ڈی لائٹس کے کنسائنمنٹس میں انڈر انوائسنگ کے ذریعے کی جانے والی لاکھوں ڈالرز کی منی لانڈرنگ اور کسٹم ڈیوٹی و ٹیکس چوری کا انکشاف کیا ہے، ذرائع کے مطابق ایسٹ کلکٹریٹ کے شعبہ آر ایڈ ڈی نے 3 مختلف درآمد کنندگان کی جانب سے ایل ای ڈی لائٹس کے کنسائنمنٹس میں انڈر انوائسنگ کے ذریعے کی جانے والی لاکھوں ڈالرز کی منی لانڈرنگ اور کسٹم ڈیوٹی و ٹیکس چوری کا انکشاف کیا ہے، ذرائع کے مطابق درآمد کنندگان کی جانب سے کیس نیب کو منتقل کرنے پر بھی غور، ذرائع



"توبہ کا راستہ اختیار کرو" اللہ کو سب سے زیادہ معافی پسند ہے

رجوع تبلیغی اجتماع شروع

سب جھوٹ مگر موت برحق، مال و دولت، اولاد، رتبہ سب یہیں پر رہ جانا ہے ساتھ اعمال نے جانا ہے لیکن کسی کو فکر نہیں

عقیدہ توحید کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوتا، کلمہ کی دعوت سے ہی انقلاب آسکتا ہے، مولانا نذر الرحمان، مولانا محمد ابراہیم

رائے ونڈ (این این آئی) کلمہ کی دعوت سے ہی انقلاب آسکتا ہے، یہ کائنات کا اختیار کردہ اللہ کو سب سے زیادہ معافی پسند ہے، ان خیالات کا اظہار تبلیغی اجتماع کے پہلے دن اظہار خطاب کرتے ہوئے مولانا نذر الرحمان نے کہا کہ بے عقیدہ ایمان مکمل نہیں ہوتا، دنیا کی زندگی عارضی اور ہر (باقی صفحہ 5۔ نمبر 51)

چیئرمین نیب کا محکمہ صحت سندھ کے فنڈز کی انکوائری کا حکم

کتا کاٹنے کی ویکسین تک نہیں ملتی، نیب میں بدعنوانی تفتیشی افسر موجود ہیں، سکھر میں خطاب

سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو سندھ کو بدعنوان عناصر سے وصول کیے گئے 10 ارب روپے کا چیک پیش

سکھر، اسلام آباد (نمائندہ ایکسپریس) چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال نے محکمہ صحت سندھ کو ملنے والے تمام فنڈز کی انکوائری کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ کسی کے بچا بھاؤ کہنے سے نیب کی کارروائیاں بند نہیں ہوگی، کرپشن میں صوبہ سندھ نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے۔ نیب سکھر میں افسران کے اجلاس اور بعد ازاں تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ نیب کا کسی سیاسی جماعت سے کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی ہم نے الیکشن لڑنا ہے، نیب پیرے پر کھڑا نہیں بلکہ کیس کو دیکھتا ہے، ایسے میں بدعنوانی میں ملوث کسی افسر کو نہیں چھوڑیں گے۔ (باقی صفحہ 5۔ نمبر 52)

سکھر: چیئرمین نیب جاوید اقبال ریونیو بورڈ سندھ کے کمشنر پر 10 ملین کا چیک پیش کررہے ہیں

رہبر کمیٹی سے رابطہ ہے، فضل الرحمٰن سے نہیں کرینگے، خٹک

آزادی مارچ کو روکنے کی کوشش کی تو نقصان ہوگا، ریڈ زون میں احتجاج کی گنجائش نہیں، حکومت ہر طرح کے حالات سے نمٹنے کو تیار ہے

رہبر کمیٹی مذاکرات میں وزیراعظم کے استعفے کی بات نہیں کی، اب معاہدے کی خلاف ورزی کی تو ذمہ دار وہ خود ہونگے، گفتگو

اسلام آباد (رپورٹ: رحمان اظہر) حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی رہبر کمیٹی سے ان کا رابطہ ہے وہ فوری طور پر مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات نہیں کریں گے، جمعرات کو اسلام آباد میں سینئر صحافیوں اور کالم نگاروں کے ساتھ ملاقات کے دوران پرویز خٹک نے کہا کہ معاملات کے فیصلے کے بعد ریڈ زون میں احتجاج کی کوئی گنجائش نہیں، حکومت ہر طرح کے حالات سے نمٹنے کیلئے تیار ہے۔ اپوزیشن کی رہبر کمیٹی نے مذاکرات کے (باقی صفحہ 5۔ نمبر 43)

اہم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع

اسلام آباد (نمائندہ ایکسپریس) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے اہم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں ایک ماہ کی توسیع کردی ہے، اس ضمن میں ایف بی آر نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ ٹیکس دہندگان نہیں نوبر تک اہم ٹیکس گوشوارے جمع کرا سکیں گے، ایف بی آر کا کہنا ہے کہ جمع کیے گئے گوشوارے ٹیکس دہندگان کی سہولت کیلئے کیا گیا ہے۔

فضل الرحمٰن کی تقاریر نشر نہ کرنا غیر قانونی ہے، پشاور ہائیکورٹ

پشاور (نمائندہ ایکسپریس) پشاور ہائیکورٹ نے آزادی مارچ کے دوران بے پی آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی تقاریر اور پریس کانفرنس نشر نہ کرنے کا اقدام غیر آئینی و غیر قانونی قرار دیتے ہوئے حکام کی جانب سے کسی بھی زبانی حکمنامہ کو کالعدم قرار دیدیا اور قرار دیا گیا ہے کہ حکام داخلی امن (باقی صفحہ 5۔ نمبر 62)

پشاور ہائیکورٹ، رہنما جے یو آئی مفتی کفایت اللہ کی ضمانت منظور

ہری پور (نمائندہ ایکسپریس) پشاور ہائیکورٹ ایبٹ آباد بنچ نے رہنما جے یو آئی (ف) مفتی کفایت اللہ کی ضمانت منظور کرلی، بیلی پر مشتمل فیصلہ سے جلد رہائی کا امکان ہے، ابھی تک رہائی کا تحریری حکم نامہ موصول نہیں ہوا، تحریری حکم کے تحت بے جے یو آئی ف کے رہنما مفتی کفایت اللہ کی گرفتاری پشاور (باقی صفحہ 5۔ نمبر 63)

آئی پی پیز کو ادائیگیوں کی سہ ماہی اقتصادی رابطہ کمیٹی میں پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ ایکسپریس) وفاقی حکومت نے وزارت خزانہ کو وزارت توانائی کے ساتھ باہمی مشاورت سے پاور سیکٹر میں سرکلر ڈیٹ کم کرنے اور آئی پی پیز کو واجب الادا ادائیگیوں کے علاوہ سکوک اور سوپ بانڈز کے اجرا کیلئے سفارشات پر مبنی سہ ماہی رپورٹ تیار کرکے کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت جاری کردی ہے۔ یہ ہدایات گزشتہ روز وزیر خزانہ و محصولات ڈاکٹر حفیظ الشیخ کی زیر صدارت ہونیوالے اجلاس میں جاری کی گئی۔

کرتار پور خیر سگالی کا پیغام، بھارت میں اقلیتیں محفوظ نہیں، قریشی

بھارت کی کشمیر پر ہٹ دھرمی قائم، آزادی مارچ سے حکومتیں نہیں گرتیں، گفتگو

گورنر پنجاب سے ملاقات، ملائیشین وزیر خارجہ کا ٹیلی فون، ٹرین حادثے پر اظہار افسوس

لاہور (نمائندہ ایکسپریس نیوز رپورٹر) ملائیشیا کے وزیر خارجہ خود مشہ محمود ترکی نے کہا ہے کہ کرتار پور راہداری خیر سگالی کا پیغام ہے، وزیراعظم 9 نومبر کو اس کا افتتاح کریں گے، دنیا بھر کی سکھ برادری میں اس پر خوشی کی لہر ہے، ہمارے ہاں کوئی مسجد جانا چاہے یا مندر جرأت کو مذہبی آزادی حاصل ہے، ہمارا ہمسایہ بھارت میں اقلیتیں (باقی صفحہ 5۔ نمبر 44)

پاک بحریہ کا طوفان سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو آپریشن

کے ٹی بندر اور شاہ بندر میں بڑی تعداد میں افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاک بحریہ کی جانب سے اندرون سندھ کے اضلاع تھرپارکر اور بھمبھور کے علاقوں کے ٹی بندر اور شاہ بندر میں سمندری طوفان "کیار" سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو آپریشن کیا گیا، پاک بحریہ کی جانب سے اضلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں ضروری ساز و سامان اور کشتیوں کے ہمراہ فوری (باقی صفحہ 5۔ نمبر 45)

تھرپارکر: پاک بحریہ کے ہیلی کاپٹر طوفان "کیار" سے متاثرہ علاقے میں امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں

2019 میں اب تک 330 جنسی ہراسانی کے واقعات رپورٹ ہوئے

رپورٹ کرنے سے ہی جنسی ہراسانی کے واقعات کا سدباب ہوسکتا ہے، کشمالہ طارق

ہمیں لوگوں کا خوف دور کرنا ہے، وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسمنٹ کا خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسمنٹ کشمالہ طارق نے کہا ہے کہ جنسی ہراسانی کے واقعات کم نہیں ہوں گے، ہمیں لوگوں کا خوف دور کرنا ہے تاکہ خواتین کے حوصلے پست ہوں، ان خیالات کا اظہار انھوں نے (او پی نیوز) آف دی ریکارڈ سیشنز کے (باقی صفحہ 5۔ نمبر 42)

حیدرآباد: تیز گام حادثے میں جاں بحق افراد کے ورثا فہرست میں اپنے پیاروں کا نام تلاش کررہے ہیں

رہبر کمیٹی سے رابطہ ہے، فضل الرحمٰن سے نہیں کرینگے، خٹک

آزادی مارچ کو روکنے کی کوشش کی تو نقصان ہوگا، ریڈ زون میں احتجاج کی گنجائش نہیں، حکومت ہر طرح کے حالات سے نمٹنے کو تیار ہے

رہبر کمیٹی مذاکرات میں وزیراعظم کے استعفے کی بات نہیں کی، اب معاہدے کی خلاف ورزی کی تو ذمہ دار وہ خود ہونگے، گفتگو

اسلام آباد (رپورٹ: رحمان اظہر) حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے سربراہ وزیر دفاع پرویز خٹک نے کہا ہے کہ اپوزیشن کی رہبر کمیٹی سے ان کا رابطہ ہے وہ فوری طور پر مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات نہیں کریں گے، جمعرات کو اسلام آباد میں سینئر صحافیوں اور کالم نگاروں کے ساتھ ملاقات کے دوران پرویز خٹک نے کہا کہ معاملات کے فیصلے کے بعد ریڈ زون میں احتجاج کی کوئی گنجائش نہیں، حکومت ہر طرح کے حالات سے نمٹنے کیلئے تیار ہے۔ اپوزیشن کی رہبر کمیٹی نے مذاکرات کے

کراچی، اسلام آباد، لاہور، پشاور، ملتان، فیصل آباد، گوجرانوالہ، سرگودھا، رحیم یار خان، سکھر اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ۔ ایڈیٹر انچیف، پبلشر اور پرنٹر سلطان علی لاکھانی نے میٹرس پریس کورنگی کریک روڈ سے چھپوا کر سٹیزن پبلی کیشنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے لیے شائع کیا۔ منیجنگ ایڈیٹر ارشاد الحق، گروپ ایڈیٹر ایاز خان، ایڈیٹر طاہر نجمی

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

METROPOLITAN

میٹروپولیٹن۔ حیدرآباد

انجمن شیدائیان رسول کی محفل بجلی کی بندش کے سبب اندھیرے میں جاری ہے، دوسری جانب شہری حیسکو کیخلاف احتجاج کررہے ہیں

جامعہ سندھ ہاسٹلز میں پانی کی قلت، طلبہ مشتعل، گارڈروم میں توڑ پھوڑ

کوٹری (نامہ نگار) سندھ یونیورسٹی کے طلبہ نے زائد ہاسٹلز میں پانی کی قلت کیخلاف احتجاج کا نوٹس نہ لینے پر طلبہ مشتعل، گارڈ روم پر حملہ، توڑ پھوڑ کی، طلبہ آپس میں بھی الجھ پڑے۔ تفصیلات کے مطابق سندھ یونیورسٹی کیمپس میں پانی کی عدم فراہمی پر طلبہ نے ایک بار پھر احاطے کے گیٹ پر احتجاج کرتے ہوئے یونیورسٹی انتظامیہ کے خلاف نعرے لگائے۔ ان کا کہنا تھا کہ جامعہ انتظامیہ کی جانب سے ہاسٹلز میں تقریباً ایک ہزار طلبہ وطالبات کو پینے کا پانی فراہم کرنے میں ناکامی پر مظاہرہ کیا گیا، احتجاج میں طلبہ کی بڑی تعداد شریک تھی۔ مظاہرین نے کہا کہ جامعہ انتظامیہ کو پانی کی فراہمی کے حوالے سے کئی بار آگاہ کیا گیا، مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی، اس لیے مجبوراً احتجاج کا راستہ اختیار کیا گیا، احتجاج میں طلبہ کی بڑی تعداد شریک تھی، مظاہرین نے کہا کہ جب تک یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے پانی کی فراہمی کا مسئلہ حل نہیں کیا جاتا، احتجاج کا نوٹس نہ لینے پر احاطہ مشتعل ہوگئے، گارڈ روم میں توڑ پھوڑ بھی کی۔ اس دوران گیٹ نہ کھلنے پر طلبہ باہم دست وگریبان ہوگئے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے پولیس طلب کرلی، ایس ایچ او کوٹری شاہ نے بات چیت کرتے ہوئے صورت حال پر قابو پایا۔

بلدیہ اعلیٰ حیدرآباد متحدہ ارکان کی مشاورتی کمیٹیاں غیر قانونی قرار دے دیں

ایم کیو ایم کے یوسی چیئرمینز اور مخصوص نشستوں پر منتخب خواتین ممبران واقلیتی ارکان کا کمیٹیوں کی منسوخی اور الیکشن کرانے کا مطالبہ، عدالت جائیں گے، وسیم حسین

حیدرآباد (نمائندہ ایکسپریس) بلدیہ عظمیٰ حیدرآباد میں ایم کیو ایم کے یوسی چیئرمینز اور مخصوص نشستوں پر منتخب خواتین ممبران واقلیتی ارکان کی کمیٹیوں کی منسوخی اور الیکشن کرانے کا مطالبہ، عدالت جائیں گے، وسیم حسین

تفصیلات کے مطابق میئر آفس میں یوسی 63 کے چیئرمین راجا اعجاز خان، یوسی 67 کے چیئرمین اشرف خان، یوسی 36 کے چیئرمین کاشف راجپوت، یوسی 32 کے چیئرمین عمران قریشی، خواتین کی مخصوص نشستوں پر منتخب نسیم خان، شہنم چشتی، بختیار منتظر اور اقلیتی کونسل ممبر رمیش کھلی کے معاملہ سے متعلق سیدہ وسیم حسین

سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ بلدیہ میں کمیٹیوں کی غیر قانونی تشکیل منسوخ اور کمیٹیوں کے الیکشن کرائے جائیں۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ کنٹرول گورنمنٹ ایکٹ کی نفی 84 اور سندھ لوکل گورنمنٹ آف پاکستان 2016 کی نفی 28 کے تحت میئر کو کمیٹیوں کو تشکیل کی منظوری اور الیکشن کے ادارے عائق ہیں، الیکشن کمیٹیوں کے لیے ہر ہفتہ گیارہ میئر کا اجلاس طلب کیا جائے، اجلاس میں میئر طیب حسین

اختیار کیا گیا ہے کہ بلدیہ میں کمیٹیوں کی غیر قانونی تشکیل کو ختم کرتے ہوئے کمیٹیوں کے الیکشن کرائے جائیں، بصورت دیگر عدالت سے رجوع کریں گے۔ طیب حسین کا ایکسپریس سے بات چیت میں کہنا تھا کہ بطور میئر ان کا یہ استحقاق ہے کہ وہ اپنے کام کو بہتر بنانے کے لیے چند مشاورتی کمیٹیاں بنا سکتے ہیں جن میں باہر سے ہر الزام کو بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔ دوسری جانب تنظیم (ایم کیو ایم) بحالی کمیٹی کے سید وسیم حسین کا کہنا ہے کہ بلدیہ اعلیٰ میں مشاورتی کمیٹیوں کا کوئی قانونی قیام کے خلاف درخواستیں دینے والے آٹھوں بلدیاتی نمائندوں کا تعلق ان کی پارٹی سے ہے اگر غیر قانونی کمیٹیاں تحلیل اور فوری الیکشن کے ذریعے کمیٹیاں نہ بنائی گئیں تو ہمارے نمائندگان عدالتوں کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے۔

مالی بحران دوچار، واسا نے حکومت سے 36 کروڑ مانگ لیے

ملازمین کو تنخواہ دینا بھی ناممکن ہوگیا، ایم ڈی، فراہمی ونکاسی آب کی مد میں سرکاری اداروں پر 3.22 بلین روپے واجب الادا

واسا کے رجسٹرڈ صارفین کی تعداد ایک لاکھ 36 ہزار تک ہونے کے باوجود پانی کے بلوں کی مد میں انتہائی کم ریکوری

حیدرآباد (نمائندہ ایکسپریس) واسا حکام نے مالی بحران پر قابو پانے کے لیے حکومت سندھ سے 36 کروڑ مانگ لیے۔ فراہمی ونکاسی آب کی مد میں سرکاری اداروں پر 3.22 بلین روپے واجب الادا ہیں۔ ایم ڈی واسا کا کہنا ہے کہ حکومت صوبائی محکموں کے بقایاجات کی مد میں مطلوبہ رقم دے گی تو ملازمین کو تنخواہیں اور پنشن ادا کی جاسکے گی۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت کی مسلسل عدم ادائیگی کے باعث واسا میں مالی و انتظامی بحران سنگین حد تک جاری ہے۔ گریڈ ایک اور کنٹریکٹ ملازمین سے پانی بلوں کی مد میں انتہائی کم ریکوری کے ساتھ ساتھ واسا کے صوبائی حکومت کے ماتحت محکموں اور رہائشی کالونیوں پر اربوں روپے کے بقایاجات ہیں۔ جس کی وجہ سے ملازمین کو تنخواہیں اور پنشن وقت پر نہیں مل پارہی ہے۔ فراہمی ونکاسی آب کے پیسے بچانے والے ملازمین کی ماہ کی تنخواہوں سے محروم ہیں۔ واسا کے ملازمین 6 ماہ سے 8 ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔ ملازمین کی تنخواہیں نہ ملنے پر بھوک ہڑتال شروع کردی ہے۔ واسا میں مختلف ایسوسی ایشنز کے عہدیداران کا کہنا ہے کہ

METROPOLITAN

میٹروپولیٹن

DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس کراچی
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

ٹرین حادثہ: زخمیوں کے رشتے داروں کو مفت ریلوے سفری سہولت دینے کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزارت ریلوے کے ترجمان کے مطابق پنجاب کے اسپتالوں میں جانے کیلئے ریلوے حادثے کا شکار مسافروں کے لواحقین اور رشتے داروں کو سفر کی مفت سہولت فراہم کی جائے گی، وزارت ریلوے نے ہدایت کی ہے کہ لواحقین اور رشتے دار جو حادثے میں زخمی افراد کی عیادت کے لیے پنجاب کے اسپتالوں میں جانا چاہتے ہیں وہ ڈی ہی اور ریلوے سے رابطہ کریں۔

سرجانی: پلاٹ کی تعمیر پر جھگڑا، 3 موٹر سائیکلیں نذر آتش

سیکٹر 8 میں تعمیراتی کام پر 2 افراد میں لڑائی بڑھ گئی، کار پر پتھراؤ، کئی افراد زخمی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرجانی ٹاؤن میں پلاٹ کی تعمیر پر شروع ہونے والے جھگڑے میں نامعلوم افراد نے 3 موٹر سائیکلوں کو نذر آتش جبکہ ایک کار کو شدید نقصان پہنچایا، ایس ایچ او سرجانی ٹاؤن انسپکٹر قریشی نے بتایا کہ سرجانی ٹاؤن کے علاقے سیکٹر 8 میں 2 افراد میں کسی شخص اپنے پلاٹ پر تعمیراتی کام کرا رہا تھا کہ اس دوران کمیل نامی شخص نے اس پر اعتراض کیا جس پر دونوں میں جھگڑا شروع ہوگیا اس دوران نامعلوم افراد کی جانب سے 3 موٹر سائیکلوں کو نذر آتش جبکہ سفید رنگ کی ٹویوٹا کرولا کار پر پتھراؤ کر دیا، ملزمان کے حملے میں کار کے شیشے توڑے جانے سے نقصان پہنچا جبکہ کئی افراد زخمی ہوگئے۔

کینٹ اسٹیشن پر نصب لگیج اسکیننگ مشین خراب

مسافروں کا سامان اسکیننگ مشین سے گزرے بغیر ہی ٹرینوں تک جانے لگا، میٹل ڈیٹکٹرز بھی خستہ حالی کا شکار ہیں، مشین کی مرمت پر ریلوے کا دھیان ہی نہیں، ذرائع

کینٹ اسٹیشن آنے والے مسافروں کا سامان عام اسکینر سے گزار کر چیک کیا جاتا ہے، لگیج اسکیننگ مشین کی خرابی کے بارے میں علم نہیں ہے، ڈی سی اور ریلوے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ریلوے حکام نے ٹرینوں کے بڑے حادثات سے بھی سبق حاصل نہ کیا ریلوے مسافروں کی سلامتی غفلت سامنے آگئی کراچی کے مصروف ترین کینٹ اسٹیشن پر نصب لگیج اسکیننگ مشین کئی ماہ سے خراب پڑی ہے جس کی وجہ سے مسافروں کا سامان بغیر اسکیننگ کے ٹرینوں میں سوار کیا جانے لگا ہے، کینٹ اسٹیشن سے روانہ ہونے والی ایک درجن سے زائد ٹرینوں میں روزانہ ہزاروں مسافر سفر کرتے ہیں ریلوے ذرائع کے مطابق مسافروں کا سامان لگیج اسکیننگ مشین خراب ہونے کے باعث چیک نہیں کیا جاسکتا ہے، کینٹ اسٹیشن سے روانہ ہونے والے ایک درجن سے زائد ٹرینوں کے مسافروں کا سامان عام اسکینر سے گزار کر چیک کیا جاتا ہے لگیج اسکیننگ مشین کی خرابی کے بارے میں علم نہیں ہے انھوں نے کہا کہ میں فی الحال ایک اہم میٹنگ میں ہوں زیادہ تفصیلات نہیں بیان نہیں کرسکتا۔

ریلوے پولیس کے پاس فنڈز کی کمی کے باعث مشین کی مرمت کی جانب دھیان نہیں دیا گیا ریلوے محکمے کے پاس موجود چند ناکارہ مشینوں کا اکثر زنگی حالت خالی کا شکار ہیں، ڈی ہی او کراچی ریلوے جنید اکرم نے رابطہ کرنے پر بتایا کہ کینٹ اسٹیشن پر خراب اسکیننگ مشین

کینٹ اسٹیشن پر خراب اسکیننگ مشین

پولیو وائرس کے کیسز میں 5 سال بعد ایک بار پھر اضافہ

اندرون سندھ سے قومی ادارہ برائے صحت اطفال میں لایا گیا، پولیو وائرس میں مبتلا 3 سالہ بچہ بھی جان کی بازی ہار گیا

پولیو سے متاثرہ بچوں کی تعداد 9 ہوگئی، شہر میں جون سے اب تک انسداد پولیو مہم نہیں چلائی جاسکی جس سے کیسز بڑھ گئے

کراچی (رپورٹ: رجاء فاطمہ) صوبہ سندھ سمیت ملک بھر میں پولیو وائرس کے کیسز میں 5 سال بعد ایک بار اضافہ ہونے لگا، رواں سال صوبے میں پولیو وائرس سے متاثرہ بچوں کی تعداد 9 جبکہ ملک بھر میں 80 ہوگئی، پولیو وائرس میں مبتلا 3 سالہ بچہ بھی جان کی بازی ہار گیا، کراچی میں وبا جون سے اب تک انسداد پولیو مہم نہیں چلائی جاسکی جس کے سبب کیسز میں اضافہ ہوا ہے، پولیو کے تدارک کیلئے حکومت کی جانب سے بھی اقدامات ہوتے دکھائی نہیں دے رہے ہیں تفصیلات (باقی صفحہ 5۔ نمبر 1)

جامعہ کراچی میں بی اے اور بی کام کے امتحانی فارم جمع کرانے کی تاریخ کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامعہ کراچی کے زیر اہتمام امتحانات کے مطابق بی اے سے بی کام، بی کام سال اول، دوم اور سال اول و دوم ہائم سالانہ امتحانات کے لیے امتحانی فارم جمع کرانے کی حتمی تاریخ کا اعلان کردیا گیا ہے، بی کام، بی کام سال اول ہائم 15 نومبر جبکہ بی اے، بی کام کے طلبہ امتحانی فارم 17 نومبر تک جمع کراسکتے ہیں۔

گلشن اقبال میں گھر کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کرتے ہی شہری کو لوٹ لیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلشن اقبال تھانے کے علاقے بلاک 2 میں ڈاکوؤں نے مکان کے باہر موٹر سائیکل کھڑی کرتے ہی شہری سے لوٹ مار کی اور نقدی چھین کر فرار ہوگئے، جائے واردات پر موجود سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان کو واضح دیکھا جاسکتا ہے، ملزمان واردات مکمل کرنے کے بعد اپنے ساتھی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر فرار ہوئے۔

سمیزی فشری میں کرنٹ لگنے سے ایک شخص جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سمیزی فشری گیٹ نمبر 4 کے قریب کام کے دوران کرنٹ لگنے سے ایک شخص جھلس گیا، جناح اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں پر ڈاکٹروں نے معائنے کے بعد موت کی تصدیق کردی، پولیس نے بتایا کہ متوفی کی شناخت 22 سالہ فرحان داد سلطان کے نام سے ہوئی۔

نیو کراچی: گلی سے نوجوان کی لاش ملی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایوب گوٹھ پولیس چوکی کی حدود نیو کراچی ایوب گوٹھ میں گلی نمبر 10 سے ایک شخص کی لاش ملی، اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے جناح شہید اسپتال منتقل کردیا، پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت 25 سالہ احمد علی والد محمد عثمان کے نام سے کی گئی، مقتول احمد علی کے کزن غلام عباس نے بتایا کہ مقتول کزن اپنے بھائی کے کپڑوں کے بزنس میں کام کرتا تھا، مقتول کی چند ماہ قبل شادی ہوئی تھی، مقتول رات تقریباً 12 بجے کپڑوں کے بزنس کے بارے گیا تھا۔

لاپتہ ہیڈ ماسٹر کی تنخواہ دینے کی درخواست پر نوٹس جاری

شوہر 5 سال سے لاپتہ ہیں، بیٹی کی شادی کرنی ہے، تنخواہ دلائی جائے، اہلیہ کی اپیل

کراچی (کورٹ رپورٹر) ہائی کورٹ نے لاپتہ ہیڈ ماسٹر اعظم کمال کے 5 سال کی تنخواہ جاری کرنے کے حوالے سے درخواست پر سندھ حکومت سیکرٹری ایجوکیشن، ڈائریکٹر اداروں کو نوٹس جاری کردیے، جسٹس محمد شفیع صدیقی اور جسٹس عبدالرحمان اقبال چغتائی پر مشتمل دو رکنی بینچ کے روبرو لاپتہ ہیڈ ماسٹر اعظم کمال کے 5 سال کی تنخواہ جاری کرنے کے لیے قانونی طور پر درخواست داخل کرسکتے ہیں۔

رینجرز کا ٹارگٹڈ آپریشن، 3 ملزمان گرفتار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رینجرز کا ٹارگٹڈ آپریشن، 3 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد، رینجرز کا ٹارگٹڈ آپریشن، 3 ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

رفاہ انٹرنیشنل اسکول میں گرنے سے کئی بچے بے ہوش

رفاہ آبادپولیس ٹریننگ سینٹر

ہوا کا رخ تبدیل ہونے سے شیل سے خارج ہونے والا دھواں قریب ہی واقع اسکول تک پہنچ گیا، کمانڈنٹ ٹریننگ سینٹر

دھواں آنکھوں اور حلق میں جانے سے کئی بچوں کی طبیعت خراب ہوگئی، واقعے کے خلاف مکینوں کا احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) رفاہ آباد پولیس ٹریننگ سینٹر سے متصل سرکاری اسکول کے قریب مبینہ طور پر آنسو گیس شیل گرنے سے کئی بچے بے ہوش ہوگئے جبکہ کئی بچے آنسو گیس شیل کا دھواں آنکھوں اور حلق میں جانے سے بھی متاثر ہوئے، واقعے کے خلاف علاقہ مکینوں کی جانب سے احتجاج بھی کیا گیا، کمانڈنٹ رفاہ آباد پولیس ٹریننگ سینٹر کا کہنا ہے کہ زیر تربیت جوانوں کو آنسو گیس چلانے کی تربیت فراہم کی جارہی تھی کہ اچانک (باقی صفحہ 5۔ نمبر 3)

لانڈھی بابر مارکیٹ میں کے الیکٹرک کسٹمر سہولت کیمپ لگایا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کے الیکٹرک کی جانب سے لانڈھی کے علاقے بابر مارکیٹ میں کسٹمر سہولت کیمپ لگایا گیا جہاں علاقہ مکین با آسانی بجلی کے کنکشنوں کے لیے درخواست دینے کے ساتھ اپنی شکایات بھی درج کراسکیں اور بلوں کی (باقی صفحہ 5۔ نمبر 4)

نیب کی کھلی کچہری، رہائشی اسکیموں اور سرکاری اداروں کیخلاف شکایات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیب کراچی کی جانب سے کھلی کچہری کا اہتمام کیا گیا، شکایات کی وصولی کے لیے قائم کیے گئے کیمپ میں شکایات کنندہ نے بڑی تعداد میں درخواستیں جمع کرائی، متعدد شکایات کنندہ نے کوآپریٹو سوسائٹیوں کے انتظامات کے خلاف (باقی صفحہ 5۔ نمبر 5)

گلستان جوہر میں لڑکی نے خودکشی کرلی، پولیس کارروائی سے گریز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلستان جوہر جوہر موڑ تھانہ حدود کے قریب زہریلی چیز کھانے سے 26 سالہ عارفہ جاں لقمان ہوگئی، ایس ایچ او شاہراہ فیصل سروکمار نے بتایا کہ متوفیہ کے اہلخانہ نے پولیس کارروائی سے انکار کردیا۔

میجر قتل کیس: ملزمان 4 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

کراچی (کورٹ رپورٹر) انسداد دہشت گردی کی عدالت کے روبرو ملزمان کو لایا گیا، میجر ثاقب کے قتل کیس کی سماعت ہوئی، پولیس نے ملزمان کو عدالت میں پیش کیا، تفتیشی افسر نے ملزمان کے ریمانڈ کی استدعا کی، عدالت نے ملزمان نعمان اور عمر فاروق کا 4 روزہ ریمانڈ منظور کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر تفتیشی افسر کو پیش رفت رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا، عدالت نے ملزمان کے مطابق میجر ثاقب کو اغوا کی واردات کے دوران قتل کیا گیا تھا، واقعہ 6 جون کو اغوا برائے تاوان کی واردات میں 2 ملزمان گرفتار تھے۔

حکومت کا میوزیم اور کلچرل سینٹر قائم کرنے کا اعلان

میوزیم میں تحریک آزادی وثقافت کے حوالے سے سندھ کے کردار کو پیش کیا جائیگا

میوزیم اور کلچرل سینٹر کے لیے کچھ مقامات کو دیکھا ہے، شرمین عبید چنائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت سٹیزن آرکائیو آف پاکستان کے تعاون سے کراچی میں بین الاقوامی میوزیم اور کلچرل سینٹر قائم کرے گی، بین الاقوامی میوزیم اور کلچرل سینٹر کے حوالے سے پریس بریفنگ سندھ سیکرٹریٹ (باقی صفحہ 5۔ نمبر 2)

پی ٹی آئی کے ایم این اے کی سوک سینٹر میں ہنگامہ آرائی

عالمگیر نے پی آر او کو تشدد کا نشانہ بنانے کی کوشش کی، دروازے پر لاتیں ماریں، افسران

اکرام ستار کو دھکا دے کر پیچھے کیا، کوئی ہاتھا پائی نہیں ہوئی، پی ٹی آئی رہنما

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی کے ایم اے کے سرکاری دفتر سوک سینٹر میں واقع ای بی کے دفتر میں ہنگامہ آرائی کرنے کے خوف ہراس پھیلا دیا، ڈی ایم اے دفتر کے مطابق رکن قومی اسمبلی عالم گیر خان گزشتہ روز ای بی کی غیر موجودگی میں اپنے ذاتی کام کے سلسلے میں ای بی سے ملنے آئے تھے، ای بی کے ملازمین نے انھیں بتایا کہ ای بی صاحب کسی میٹنگ میں دفتر سے باہر گئے ہوئے ہیں جس پر عالمگیر خان غصے میں آگئے اور اسٹاف کے منع کرنے کے باوجود زبردستی دفتر کا دروازہ کھولنے کی کوشش کی اور دروازے پر لاتیں ماریں، رکن اسمبلی کے ہنگامہ آرائی کرنے پر ڈی ای بی کے پی آر او اکرم ستار کو بلایا گیا جنھوں نے (باقی صفحہ 5۔ نمبر 6)

لیاقت آباد: ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار خاندان کو روند ڈالا

حادثے میں بیوی جاں بحق، شوہر اور 2 کمسن بچے معجزانہ طور پر محفوظ رہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لیاقت آباد فلائی اوور سے اترتے ہوئے ٹریفک حادثے میں خاتون جاں بحق جبکہ شوہر اور 2 کمسن بچے معجزانہ طور پر محفوظ رہے، ایس ایچ او شریف آباد محمد کریلو نے بتایا کہ لیاقت آباد فلائی اوور سے لیاقت آباد 10 نمبر جانے والے راستے پر تیز رفتار ڈمپر نے موٹر سائیکل کو روندا جس کے نتیجے میں 35 سالہ مریم جاں بحق جبکہ اس کا شوہر اور کمسن بچے 8 سالہ اذان اور 10 سالہ رحمن معجزانہ طور پر محفوظ رہے، ہم موٹر سائیکل گرنے سے انھیں معمولی چوٹیں آئی ہیں، متوفیہ کی لاش پولیس نے ضابطے کی کارروائی کے لیے جناح شہید اسپتال پہنچائی جبکہ لاوارث ڈمپر موقع سے فرار ہوگیا۔

قتل کیس: شواہد چھپانے پر ماں اور بیٹے کو 3، 3 سال قید

عدالت کا مجرم وقار اور نازنین کو 25، 25 ہزار روپے جرمانہ بھی ادا کرنے کا حکم

کٹائی کر کے گھر سے نکیل کی 6 ٹکڑوں میں تقسیم لاش برآمد کی تھی، پولیس

کراچی (کورٹ رپورٹر) عدالت نے قتل کے بعد 6 ٹکڑوں میں منتقل کی لاش کاٹ کر ٹھکانے کے مقدمے کی سماعت مکمل ہونے پر ماں بیٹے کو 3، 3 سال قید کی سزا سنادی، عدالت نے شواہد چھپانے کے جرم میں ماں نازنین اور بیٹے وقار کو 3، 3 سال قید اور 25، 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا، دونوں ملزمان نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج وسط محمد یامین قاضی کے روبرو قتل کے 6 ٹکڑوں میں کٹائی کی لاش کاٹ کر ٹھکانے کے مقدمے کی سماعت ہوئی، عدالت نے شواہد چھپانے کے جرم میں ماں نازنین اور بیٹے وقار کو 3، 3 سال قید اور 25، 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا (باقی صفحہ 5۔ نمبر 7)



Book Fair Venues*
Oxford Bookshops

KARACHI
Dolmen Mall Clifton, Tariq Road, Tel: 35380485
Urdu Bazaar, Tel: 32210658
Sir Syed Urdu Bazaar, Nazimabad, Tel: 36600413
Hashed Mansion Road, Gulshan-e-Iqbal, Tel: 34832881-82
HYDERABAD
Fazalbhoy Road, Near St. Mary's School, Tel: 782208
SUKKUR
Neem ki Chatri, Urdu Bazaar, Tel: 5622087-89
LAHORE
Mini Market, Gulberg II, Tel: 35778687
RAHIMYAR KHAN
Model Colony, Jamia Al-Farooq Road, Tel: 5874213-14
MULTAN
Gulgasht Colony, Opp. Gole Bagh, Tel: 6511971
FAISALABAD
Palm Breeze Tower, Kohinoor City, Tel: 8736112-15
SARGODHA
Mehfooz Tower, Mansoorabad Road, Tel: 3778571-3
SAHIWAL
Okkar Plaza, Super Market, Church Road, Tel: 4222415
ISLAMABAD
Shalimar Plaza, Blue Area, Tel: 8311722-23
RAWALPINDI
Umar Plaza, Committee Chowk, Tel: 5777255-56
PESHAWAR
No. 5, New Arbab Colony, Abdara Road, Tel: 5840484-5854067
ABBOTTABAD
Main Yousaf Jamal Plaza, Supply Bazaar, Tel: 333042
QUETTA
Near Marriam Chowk, M. A. Jinnah Road, Tel: 2839044

* The bookshops will follow their respective timings
www.oup.com.pk Find us on
OXFORD UNIVERSITY PRESS

سرسید کالج برائے میڈیکل سائنسز کراچی
اور ایکسپریس میڈیا گروپ کے اشتراک سے
ذیابیطس کے عالمی دن
کے موقع پر عوامی آگاہی کے لیے سیمینار کا انعقاد
منتظم اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر زمان شیخ
مورخہ 2 نومبر 2019ء بروز ہفتہ
اوقات کار: دوپہر 2 بجے سے 5 بجے شام
بمقام کرسٹل بال روم، میریٹ ہوٹل کراچی
مہمان خصوصی پروفیسر صمد شیرا، اعزازی مہمان مسز افضال معین
مقررین: پروفیسر زمان شیخ، پروفیسر اعجاز وہرا، پروفیسر عبدالباسط، پروفیسر مشہور عالم، پروفیسر بیکھا رام ویورا جانی
پروفیسر محمد اسحاق، پروفیسر فیروز میمن، پروفیسر اختر علی بلوچ، پروفیسر شبین ناز مسعود، ڈاکٹر خالد خلیل، ڈاکٹر شہلا نسیم
Organized By:
express TRIBUNE ایکسپریس
tribune.com.pk | express.com.pk
CCL Sucral Macter Pharm Lilly Martin Dow

FACULTY REQUIRED

For Cantt Public PG College for Women, Malir Cantt.

STATIONS/ CANTONMENTS	Post	Minimum Qualifications & Experience
Malir	Female Section Heads (for Senior & Junior Wing)	• Masters. • Minimum 10 years experience in teaching as well as Administration.
	Female Education Lecturer (for College Wing)	• Masters/M.Phil In relevant subject. • Minimum 03 years experience in reputed college.
	Female Home Economics Lecturer (for College Wing)	• Masters/M.Phil in relevant subject. • Minimum 03 years experience in reputed college.
	Female Psychology Lecturer (for College Wing)	• Masters/M.Phil in relevant subject. • Minimum 03 years experience in reputed college.
	Female Statistics Lecturer (for College Wing)	• Masters/M.Phil in relevant subject. • Minimum 03 years experience in reputed college.
	Female Computer Lecturer (for College Wing)	• B.S/Masters/M.Phil In relevant subject. • Minimum 03 years experience in reputed college.
	Female Urdu Lecturer (for College Wing)	• Masters/M.Phil in relevant subject. • Minimum 03 years experience in reputed college.
	Female PTI (for School / College)	• B.S/Masters in relevant subject.
	Female Computer Lab incharge (for School / College)	• B.S/Masters in relevant subject.
	Female English Teacher (for Senior Wing)	• B.S/Masters in relevant subject. • Minimum 02 years experience in a reputed institution.
	Female Pak Studies Teacher (for Senior Wing)	• B.S/Masters in relevant subject. • Minimum 02 years experience in a reputed institution.
	Female Mathematics Teacher (for Senior Wing)	• Masters in relevant subject. • Minimum 02 years experience In a reputed institution.
	Female Mathematics / Physics Teacher (for Senior / Junior Wing)	• B.S/Masters in relevant subject. • Minimum 02 years experience in a reputed institution.
	Female Art Teacher (for Junior Wing)	• Diploma in fine Arts / Bachelors in Fine Arts. • Minimum 02 years experience in a reputed institution.
	Female Computer Teacher (for Junior Wing)	• B.S/Masters in relevant subject. • Minimum 02 years experience in a reputed institution.
	Female Montessori Directress	• Diploma in Montessori. • Minimum 02 years experience in a reputed institution.

Note:

- Desirous candidates should send information as per format given below (compiled on MS Word only) along with educational testimonials and experience certificates to office of the Cantonment Board Malir, Bostan Line, Malir Cantt Karachi by **18-11-2019.**
- Two postal envelops on which address of the candidate is written should be submitted along with the application.
- Candidates should mention clearly on application the post for which job is needed.
- These posts will be non-transferable. The recruitment shall be on contract basis and shall remain as such.
- The salary package will be attractive and comparable with market pattern.
- No TA / DA shall be given for the interview.
- Only shortlisted candidates will be called for interviews.

Name: _____ D/W/O: _____ For the Post: _____ Station: _____
Telephone (Two Numbers): _____ Address: _____

Qualification	Subjects	College / University	Private / Regular	Mks/Out of	Div/Grade	Exprerience
Matric						
F.A/F.Sc.						
B.A / BSc / B.B.A/B-Com						
M.A / MSc						
MS / M.Phil						
Others						

PAKISTAN POLIO ERADICATION PROGRAMME
PID(K)1538/19

Cantonment Executive officer
Malir Cantonment
Ph: 021-99247077

DAILY EXPRESS
ایکسپریس
www.express.com.pk
پاکستان کا واحد کثیر الاشاعت اخبار جسے گیارہ بڑے شہروں سے بیک وقت چھپنے کا اعزاز حاصل ہے
کراچی ایکسپریس ہاؤس، پلاٹ نمبر 5، آفس کوریڈور
فون: 021-35800051-58، فیکس: 021-35800050
لاہور 48-N، ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن، ایل ڈی اے ایونیو، لاہور
فون: 042-35878700-7، فیکس: 042-35878708
اسلام آباد 15، آبپارہ، ایکسپریس ہاؤس
فون: 051-2624821-7، فیکس: 051-2879134

ایڈیٹوریل

جمعہ، 3 ربیع الاول 1441ھ، یکم نومبر 2019ء

تاجر برادری اور حکومت میں خوش آیند معاہدہ

حکومت اور تاجروں کے درمیان معاہدہ طے پا گیا ہے جس کے تحت شناختی کارڈ کی شرط تین ماہ کے لیے موخر کر دی گئی، اس بات کا اعلان وزیر اعظم کے مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کیا، وفاقی وزارت خزانہ میں مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ اور مرکزی تنظیم تاجران کے وفد میں مذاکرات ہوئے جس میں معاہدہ طے پا گیا۔ عبدالحفیظ شیخ نے اسلام آباد میں تاجر برادری کے نمایندوں، چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما جہانگیر ترین کے ہمراہ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے تاجر اور وفاقی بورڈ آف ریونیو کے درمیان طے پانے والے 11 نکاتی معاہدے کی تفصیلات بتائیں۔

حکومت اور تاجر برادری کے رہنماؤں میں مذاکرات خوش آیند اور ملکی معیشت کے استحکام کے لیے انتہائی اہم اقدام ہے۔ تاجر برادری نے کہا ہے کہ حکومت اور تاجروں میں معاملات خوش اسلوبی سے طے پا گئے ہیں، جس سے حکومت کا پہیہ اور کاروباری سرگرمیاں بہتر انداز میں چل سکیں گی۔ ملک انارکی، افراتفری اور بے یقینی سے نکل جائے گا۔ دوسری طرف حکومت اور تاجر برادری کو بھی سوچنا ہوگا کہ آیندہ ایسی صورتحال ہی پیدا نہ ہو جہاں بات چیت میں ڈیڈ لاک پیدا ہو جائے اور ملکی معیشت کو شٹر ڈاؤن ہڑتال کے خدشات گھیر لیں، کیونکہ سیاسی عدم استحکام آگے چل کر معاشی صورتحال کی بہ ستی کی شکل ہی اختیار کر لیتی ہے، حالات قابو میں نہیں رہتے اور عوام کے لیے زندگی وبال جان بن جاتی ہے۔ ایف بی آر حکام کے تخمینہ کے مطابق دو دن کی ہڑتال سے ملکی معیشت کو 6 ارب روپے کا دھچکا لگتا ہے۔ میڈیا کے مطابق 10 کروڑ تک کے ٹرن اوور والے تاجروں سے ایک اعشاریہ پانچ فیصد ٹرن اوور ٹیکس کے بجائے صفر اعشاریہ پانچ فیصد ٹرن اوور ٹیکس لیا جائے گا، 10 کروڑ تک کے ٹرن اوور والا تاجر دو ہولڈنگ ایجنٹ نہیں بنے گا۔ سیلز ٹیکس میں رجسٹریشن کے لیے سالانہ بجلی کے بل کی حد 6 لاکھ روپے سے بڑھا کر 12 لاکھ روپے کر دی گئی، کم منافع رکھنے والے شعبے کے ٹرن اوور ٹیکس کا تعین از سر نو کیا جائے گا جو تاجروں کی کمیٹی کی مشاورت سے ہوگا جب کہ جیولرز ایسوسی ایشنوں کے ساتھ مل کر جیولری کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، آڈٹ حتیوں پر تجدید لائسنس فیس پر عائد دوہرا ٹیکس ختم کیا جائے گا، چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ شناختی کارڈ کا قانون برقرار ہے۔ 31 جنوری تک تاجروں کی رجسٹریشن کے صدر محمد کاشف چوہدری نے ایف بی آر سے کامیاب مذاکرات پر پاکستان بھر کے تاجروں سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور تاجروں کے درمیان معاملات کا خوش اسلوبی سے طے پانا خوش آیند اقدام ہے۔ مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے چیئرمین خواجہ شعیب سلمان کا کہنا ہے کہ حکومت نے ان کے 80 فیصد نکاتی مطالبات مان لیے ہیں، تاجروں اور حکومت کے درمیان معاہدے کے لیے جہانگیر ترین نے اہم کردار ادا کیا اس موقع پر تاجر رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے تاجر قیادت سے مذاکرات کر کے احسن اقدام اٹھایا ہے، اگر حکومت تاجر قیادت سے مذاکرات نہ کرتی تو تاجر برادری غیر معینہ مدت کے لیے ہڑتال پر مجبور ہو جاتی، تاجر برادری نے ہمیشہ ٹیکس دیا ہے اور آج بھی ٹیکس دینا چاہتی ہے تاکہ ملکی معیشت مستحکم ہو کیونکہ ٹیکس کا جو نظام نافذ کیا گیا تھا وہ غلط تھا، تاجر برادری متحد ہے اور جب بھی ضرورت پڑی تاجر برادری کے حقوق کے لیے وہ ہر سطح پر اپنی جدوجہد کو ہمیشہ کی طرح جاری رکھیں گے۔

حقیقت میں دانش مندی اور ملکی مفاد کے ادراک کا قابل تعریف مظاہرہ حکومتی ٹیم اور تاجر برادری نے دو طرفہ بنیاد پر کیا، فریقین نے ایک طرف سیاسی اور ملکی معاشی صورتحال کے پیدا شدہ تناظر میں صائب فیصلے کیے، معاہدہ پر اتفاق رائے کیا اور کاروباری معاملات پر وزارت خزانہ، بی بی آر اور حکومت سے انجام و تفہیم کے ساتھ مسائل کے حل کا راستہ نکالا چونکہ سب جانتے تھے کہ ملک میں سیاسی درجہ حرارت میں اضافہ ہو رہا ہے، آزادی مارچ کے مستقبل پر عوام کی نگاہ مرکوز ہے، معاشی معاملات دیگر سطح پر بھی ملے ہوتا باقی ہیں، ملک کو ایک مضبوط اقتصادی روڈ میپ کی ضرورت ہے، عوام مہنگائی اور بیروزگاری کے مصائب سے دوچار ہیں، اس لیے صرف حکومت اور تاجر برادری ہی مفاہمت و مصالحت وقت کا تقاضہ نہیں بلکہ یہی وہ موقع ہے جہاں ارباب اختیار سے امید کی جا سکتی ہے کہ ایسی ہی حتمی مفاہمت اور بات چیت میں بریک تھرو سیاست میں ہونی چاہیے۔ ضرورت ایک آؤٹ آف باکس جمہوری و سیاسی اتفاق رائے کی بھی ہے۔

شامی اور ترک فورسز میں جھڑپیں

شامی فوجی دستوں اور ترک فوج کے درمیان شام کے سرحدی قصبے راس العین میں جھڑپ ہوئی ہے، اس کا اعلان شام کے سرکاری میڈیا نے کیا ہے جب کہ ترکی کا کہنا ہے کہ وہ کرد ملیشیا کے خلاف سرحد پار ایک اور آپریشن کرے گا۔ شامی میڈیا نے کہا ہے کہ ترک فوج نے راس العین کے اردگرد کے دیہات پر قبضہ کر لیا ہے۔ حالیہ دنوں میں شامی اور ترک فوجیوں کے درمیان اور بھی کئی جھڑپیں ہوئی ہیں۔ ترکی کا کہنا ہے کہ وہ سرحد پار جنوب میں 30 کلو میٹر کا علاقہ خالی کرانا چاہتا ہے تاکہ وہاں سے کرد جنگجو ترکی پر حملہ نہ کر سکیں۔ امریکا اور روس بھی متنازعہ علاقے کو جنگجوؤں سے خالی کرانے کی حمایت کر رہے ہیں کیونکہ ترکی اور روس کی ڈیل ہو چکی ہے۔ سرحد کے قریب یہ وہ علاقہ ہے جس پر شامی حکومت کا آخر سال جنگ کے بعد قبضہ ختم ہو چکا تھا۔ دفتر میں ترک صدر رجب طیب اردوان نے اے کے پارٹی کے اراکین اسمبلی سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ کردوں نے روس کی طرف سے یقین دہانی کے باوجود اس اہم سرحدی علاقے کو مکمل طور پر خالی نہیں کیا جب کہ ڈیل کی ایڈوائن ختم ہو رہی ہے۔ ترکی کردوں کی جماعت "وائی پی جی" کو دہشت گرد تنظیم قرار دیتا ہے جب کہ ترکی سرحد پار کے اس علاقے کو "محفوظ زون" میں تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ صدر اردوان نے کہا ہے کہ اگر کردوں نے 30 کلو میٹر کے علاقے کو خالی نہ کیا تو ان کے خلاف مزید فوجی کارروائی کی جائے گی۔ شام کی جمہوری فوج (ایس ڈی ایف) میں وائی پی جی (کرد جنگجوؤں) کو بنیادی حیثیت حاصل ہے جو شمالی شام میں امریکی فوجیوں کے ساتھ مل کر جنگ میں مصروف ہیں۔ ترکوں کی حمایت میں فورسز نے 9 اکتوبر کو شام کی سرحد پر حملہ کیا تھا جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اچانک امریکی فوج کو اس علاقے سے نکال لیا تھا۔ امریکی افواج کے انخلا کے بعد ترکی کو وہاں کارروائی کرنے کا موقع مل گیا۔ تازہ صورتحال میں شامی سرحد پر روس اور ترکی کی فوج کے مشترکہ گشت کی بات بھی کی جا رہی ہے۔ یہ گشت شام کے اندر سرحد سے 10 کلو میٹر کے علاقے پر ہوگی لیکن ترک صدر اردوان نے کہا ہے کہ اس سے قبل وہ چاہتے ہیں کردوں اور شام کے ساتھ اس معاملہ میں بات چیت کی جائے تاکہ گشت کرنے والی فورسز کے خلاف کوئی کارروائی نہ کی جا سکے۔ امریکا کے شام سے نکل جانے کو ترکی اور روس کے علاوہ ایران کی طرف سے بھی جلد تنقید بنایا گیا ہے کیونکہ اس طرح شام ترکی کے براہ راست حملے کی زد میں آ سکتا ہے۔ ادھر شام کرد جنگجوؤں پر زور دے رہا ہے کہ وہ راست شامی فوج کے ساتھ شامل ہو جائیں تاکہ ترک فوج کا مقابلہ کیا جا سکے۔

تیز گام ٹرین کا دردناک سانحہ، تحقیقات ناگزیر

کراچی سے لاہور جانے والی تیز گام ایکسپریس میں، رحیم یار خان کے قریب سنڈر پھاٹک سے گذرنے والی آگ کے نتیجے میں جاں بحق افراد کی تعداد 73 ہو چکی ہے، مسترد لاشیں نا قابل شناخت ہیں جب کہ متعدد افراد زخمی ہیں۔ یہ سانحہ انتہائی دردانگیز ہے۔ غفلت اور لاپروائی ہمارا قومی چلن بنتا جا رہا ہے۔ گزشتہ برس جولائی سے اب تک ریلوے کے چھوٹے بڑے چالیس حادثات کے نتیجے میں اب تک بھاری جانی و مالی نقصان ہو چکا ہے، جو تفصیل اس سانحے کی سامنے آئی ہے، اس کے مطابق مسافر ٹرین میں سنڈر سے انڈا ابال کر رہے تھے کہ اچانک آگ بھڑک اٹھی تاہم عینی شاہدین کا کہنا ہے کہ ٹرین میں آگ شارٹ سرکٹ کی وجہ سے لگی۔ متعدد افراد نے چلتی ٹرین سے کود کر جان بچائی۔ وفاقی وزیر ریلوے شیخ رشید احمد کے مطابق تحقیقاتی جماعت کے لوگ اجتماع میں جا رہے تھے۔ اس واقعے میں ریلوے کی غلطی نہیں، مسافروں کی غلطی ہے۔ مسافر ٹرین میں سلیڈر کیسے لے کر چڑھے، اس کی تحقیقات کی جائیں گی۔ یہاں پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ چلتی ٹرین میں ریلوے پولیس اہلکار بوگیوں کے درمیان گشت کرتے ہوئے جب انہوں نے سنڈر دیکھ کر مسافروں کو منع نہیں کیا؟ اگر گاڑی کے اندر آگ بجھانے کا انتظام ہوتا یا گاڑی بروقت رک جاتی تو اموات میں کمی ہو سکتی تھی۔ ایمرجنسی کی صورت میں ٹرین کے ڈبوں میں باقاعدہ زنجیر موجود ہوتی تھی جسے کھینچا جاتا تھا تو انجن ڈرائیور گاڑی روک لیتا تھا لیکن اس واقعے میں تو ٹرین ڈھائی کلو میٹر تک آگ لگنے کے باوجود چلتی رہی۔ اس دوران 25 سے 30 افراد تو چلتی ٹرین سے چھلانگ لگانے کے باعث اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ اسپتالوں میں برن وارڈ موجود نہ ہونے کی وجہ سے بھی جھلسے ہوئے افراد نے تڑپ تڑپ کر جان دے دی۔ دوسری جانب ریلوے حکام کو ایک ہی مسافر کے نام پر ٹکٹ جاری ہونے سے انفرادی ہام نکالنے میں مشکل رہی ہے۔ سب کی غفلت نے مل کر اس سانحے کو جنم دیا۔ بلاشبہ اس واقعے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کے نتیجے میں واقعے میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جائے اور ایسا لائحہ عمل ترتیب دیا جائے کہ آیندہ ایسے سانحات سے بچا جا سکے۔

ایک ٹیلی کام انجینئر کی کہانی



زیرو پوائنٹ
جاوید چوہدری
www.facebook.com/javed.chaudhry

سید محمد عرفان کی کہانی نے مجھے رات کے پچھلے پہر اس کا خط پڑھا اور میرے دل کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں، میں اٹھا اور کھڑکی کھول دی، اکتوبر کی خنکی کمرے میں گردش کرنے لگی، اسلام آباد میں اکتوبر کا مہینہ حیران کن ہوتا ہے، یہ جیسے ہی جوبن پر آتا ہے ویسے ہی ختم ہو جاتا ہے، ہوا سے بوڑھے درختوں کی خوشبو کو سردی کے لحاف میں لپیٹ کر ایک نیا ایک الوہی احساس تخلیق کرتا ہے، ہم اسلام آباد کے باسی اس ذائقے سے واقف ہیں لہٰذا ہم اکتوبر کے مہینے میں کبھی گھر کر اس کا لطف اٹھانے میں، اکتوبر پریشان الجھنوں اور فکروں کی رات کے وقت کھڑکی کھول دیتا ہوں اور اس وقت تک آنکھیں نہیں جھپکاتا جب تک یہ پورا منظر میرے اندر نہیں اتر جاتا، محمد عرفان کے خط نے بھی مجھے اکتوبر کی یاد دلا دی اور میں نے خود کو پھیلی رات کے سرد سناٹے کے حوالے کر دیا، اس خط کا جادو ہی یہ تھا، سید محمد عرفان کون ہے؟ آپ خود اس کی زبان سے سنیے۔ "میں نے کمپریہنسو ہائر سیکنڈری اسکول سے او لیول کیا، میٹرک میں میرے 78 فیصد نمبر آئے تھے، میرے والد میرے او لیول کے نتائج سے مطمئن نہیں تھے، وہ چاہتے تھے میں ڈاکٹر بنوں لیکن میرا رجحان سائنس کی طرف تھا، میں نے او لیول کے بعد پری انجینئرنگ کی، میرے نمبر اچھے تھے، میں نے انجینئرنگ یونیورسٹی اسلام آباد میں الیکٹرانکس انجینئرنگ میں داخلہ لے لیا، میں نے 2010ء میں کمپریہنسو یونیورسٹی سے ٹیلی کام الیکٹرانکس میں گریجویشن کی اور میں نے 3.75 سی جی پی اے کے ساتھ اپنی جماعت میں دوسری پوزیشن حاصل کی، میں نے خود کو پھیلی رات کے سرد سناٹے کے حوالے کر دیا، میں نے لحاف کو اپنے گرد لپیٹا اور بستر کے سہارے بیٹھ گیا، سید محمد عرفان کون ہے؟ آپ خود اس کی زبان سے سنیے۔ "میں نے کمپریہنسو یونیورسٹی اسلام آباد سے بی ایس ٹیلی کام الیکٹرانکس میں داخلہ لیا، میں نے کلاس میں سیکنڈ میڈل لیا اور میں ویلز (برطانیہ) چلا گیا، میں نے وہاں سے موبائل ایڈہاک کمیونی کیشن میں ماسٹر کی (آنرز) کی اور میں اس کے بعد یورپین اسٹینڈرڈ ٹیلی کمیونی کیشن انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (ای ٹی ایس آئی) کے سکالر شپ پر برلن اور ویانا چلا گیا، میں نے وہاں سے بھی انٹرنیٹ ٹیکنالوجی اور آرکی ٹیکچر میں ڈگریاں لے لیں، میں چودہ برس سے ٹیلی کام انڈسٹری میں ایک چوتھائی صدی ہونے کو آئی ہے

CANTONMENT BOARD FAISAL

TENDER NOTICE

Sealed tenders are invited for the following original work on the basis of M.E.S Schedule of Rates 2014 (as amended upto date) from the approved contractors of Cantonment Board Faisal who have deposited the Renewal Fee for the year 2019-20 to reach on **19-11-2019** at **12:30 p.m.**

ORIGINAL WORK

S. No.	Description of Works	Estimated Cost Rs.(M)	Earnest Money (Rs.)	Tender Form (Each) (Rs.)
1.	Improvement of Road from H.No. A-33 to H. No. C-162, KDA Scheme No. 1/A (ext), Faisal Cantt. Karachi.	4.100	2,05,000	1,000
2.	Improvement of Service Road from H.No. B-80 to H. No. B-79/1, KDA Scheme No. 1/A (ext), Faisal Cantt. Karachi.	1.005	50,250	1,000
3.	Improvement of Roads in Daman e Koh, Block-A, KDAOCHS, Faisal Cantt. Karachi.	2.600	1,30,000	1,000
4.	Improvement of Road from FL-6 to E-114, Block-D, Gulshan e Jamal, Faisal Cantt. Karachi.	3.600	1,80,000	1,000
5.	Improvement of Service Road Trench from Suzuki Makkah Motors Showroom to Lavish Dine Restaurant and H.No. A-22 to H.No. A-164, Gulshan e Jamal, Faisal Cantt. Karachi.	2.100	1,05,000	1,000
6.	Improvement of Road near Imam Bargah Mehdi Akhir uz Zaman and Neocon Heights, Block-19, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	1.700	85,000	1,000
7.	Improvement of Roads in Gulshan Complex PH-II, Block-19, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	1.600	80,000	1,000
8.	Improvement of Roads in Crystal Homes, Block-19, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	2.405	1,20,250	1,000
9.	Improvement of Service Road from Bait ul Hina to Rabia City Commercial-III, Block-18, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	3.755	1,87,750	1,000
10.	Improvement of Service Road from Rabia City Commercial-II to Rabia City Commercial-I, Block-18, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	3.935	1,96,750	1,000
11.	Improvement of Road from near K-Electric Grid Station, Block-16, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	2.140	1,07,000	1,000
12.	Improvement of Road from Samama Hill View to Latifi CHS, Block-16, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	2.125	1,06,250	1,000
13.	Improvement of Road from PIA Cricket Academy to Imambargah Shareekat-ul-Hussain, Block-16, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	2.530	1,26,250	1,000
14.	Improvement of Roads near Fatima Jinnah Ladies Park, Block-13, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	3.250	1,62,500	1,000
15.	Improvement of Road trench from SM Public School to FL-1, Block-13, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	3.395	1,69,750	1,000
16.	Improvement of Road from Arif Pride to Farhan Heaven, Block-17, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	2.970	1,48,500	1,000
17.	Improvement of Service Road from Noman Grand City to Javed Arcade, Block-17, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	2.740	1,37,000	1,000
18.	Improvement of Roads from H.No. B-56 to PTCL Exchange, Block-12, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	3.695	1,84,750	1,000
19.	Improvement of Roads from Govt. Monotechnic Institute to H.No.C-35, Block-12, Gulistan e Jauhar, Faisal Cantt. Karachi.	4.000	2,00,000	1,000
20.	Improvement of Road from S-1 to S-33, Tariq Bin Ziyad CHS, Malir Halt, Faisal Cantt. Karachi.	2.660	1,33,000	1,000
21.	Improvement of Road from H.No.B-102 to H.No. B-110, Shah Faisal Town, Malir Halt, Faisal Cantt. Karachi.	3.000	1,50,000	1,000
22.	Improvement of Roads near H.No.115 and H.No.166, DOHS, Faisal Cantt. Karachi.	3.060	1,53,000	1,000
23.	Improvement of Roads from H.No.87 to H.No.209 (Track-1) in DOHS, Faisal Cantt. Karachi.	2.120	1,06,000	1,000
24.	Improvement of Roads from H.No. 87 to H.No.209 (Track-2) in DOHS, Faisal Cantt. Karachi.	2.120	1,06,600	1,000
25.	Improvement of Roads from H.No.91 to H.No.216, DOHS, Faisal Cantt. Karachi.	3.500	1,75,000	1,000
26.	Improvement of Roads from H.No.01 to H.No.70 (Track-1), DOHS, Faisal Cantt. Karachi.	2.300	1,15,000	1,000
27.	Improvement of Roads from H.No.01 to H.No.70 (Track-2), DOHS, Faisal Cantt. Karachi.	2.300	1,15,000	1,000
28.	Improvement of Roads from H.No.71 to H.No.183 (Track-1), DOHS, Faisal Cantt. Karachi.	2.300	1,15,000	1,000
29.	Improvement of Roads from H.No.71 to H.No.183 (Track-2), DOHS, Faisal Cantt. Karachi.	2.300	1,15,000	1,000
	BUILDINGS			
30	Construction of First Floor and Front Elevation at Cantonment General Hospital, Drigh Road, Faisal Cantt.	18.000	9,00,000	1,000
31.	Construction of Staff Quarters at Vice President office, Drigh Road, Faisal Cantt. Karachi.	35.410	17,70,500	1,000
	WATER SUPPLY			
32.	Improvement / up gradation of water supply system and installation of 40 HP centrifugal motors and electric panels at Pump Station, Shah Faisal Colony No.5, Faisal Cantt. Karachi.	9.490	4,74,500	1,000
33.	Construction of room for Filtration Plant and Installation of drinking water purification plant based on ultra-Filtration system 1000 GPH Penta Pure, So Safe or equivalent and which will be handed over to CBF in functional condition at children Park, Block-F Gulshan-e-Jamal Faisal Cantt., Karachi.	2.000	1,00,000	1,000
34	Construction of Room for Water Filtration Plant and Installation of drinking water purification plant based on ultra-Filtration system 1000 GPH Penta Pure, So Safe or equivalent and which will be handed over to CBF in functional condition at Farhan Heaven, Block-17, Gulistan-e-Jauhar, Faisal Cantt., Karachi.	2.000	1,00,000	1,000
35	Construction of Room for Water Filtration Plant and Installation of drinking water purification plant based on ultra-Filtration system 1000 GPH Penta Pure, So Safe or equivalent and which will be handed over to CBF in functional condition at Noman Avenue, Block-20, Gulistan-e-Jauhar, Faisal Cantt., Karachi.	2.000	1,00,000	1,000
	MISC. PUBLIC IMPROVEMENT WORKS			
36.	Improvement of Fatima Park ST-8, Block-13, Gulistan-e-Jauhar , Faisal Cantt., Karachi	1.060	53,000	1,000
37.	Improvement of street lights 70 W Sodium at Block-16, Gulistan-e-Jauhar, Faisal Cantt Karachi.	0.910	45,500	1,000

TERMS & CONDITIONS:

1. The contractors / firms who are registered with Pakistan Engineering Council in relevant category having valid licence are eligible to apply.
2. Tender for the above-mentioned work should be submitted in a sealed envelope. The work for which tender is being given should be mentioned clearly on the envelope.
3. Rates should be submitted on above / below / at par M.E.S Schedule of Rates 2014 (as amended upto date).
4. Prescribed tender documents can be purchased from the office of Cantonment Board Faisal till **19-11-2019** at **11:30 a.m.**
5. Tenders must be accompanied by the earnest money in shape of pay order in favor of Cantonment Executive Officer, Cantonment Board Faisal. All other conditions mentioned in the tender must be abided. No tender will be acceptable without pay order.
6. Conditioned, overwritten, marked and erased tenders shall not be accepted. Further tenders by courier shall not be accepted.
7. Tenders will be opened on **19-11-2019** at **01:00 p.m.** in the presence of contractors or their authorized representatives.
8. Cantonment Executive Officer / Cantonment Board Faisal can vary the estimated cost subject to management requirements for which the decision of Cantonment Executive Officer / Cantonment Board Faisal shall be final and the contractors shall have to comply with the same.
9. No tender documents will be issued to those contractors who are indulged in litigations suits with the Cantonment Board Faisal or those against whom the Board has taken any decision or those who are engaged to resolve any claim or charge.
10. Tender documents will not be issued to those contractors who have been blacklisted by any government or semi-government department.
11. A tender once opened in accordance with the prescribed procedure shall be subject to only those rules, regulations and policies that are in force at the time of issue of notice for invitation of tender.
12. No bidder shall be allowed to alter or modify his tender after tenders have been opened.
13. In case if the lowest tendered rate is less than reasonable rates, the lowest bidder shall have to deposit Standing Security (refundable after successful completion of the work) @ 12% of the estimated cost in shape of call deposit within 07 days. In case of failure the already deposited 05% earnest money shall be forfeited and the tender will be cancelled/re-invited.
14. The quoted rates shall be valid till the completion of work and in no case any escalation shall be admissible on any pretext.
15. The contractor shall not assign or sublet the contract in any case. If contractor / firm found involved at any stage shall be liable to cancellation of contract at his/their own risk and cost and the already deposited 05% earnest money shall be forfeited. The case for blacklisting of contractor / firm shall also be placed before the Board.
16. All Govt. taxes shall be deducted from the bill as per rules.
17. Cantonment Board Faisal shall not supply any kind of material and machinery to the contractors.
18. The successful contractor / firm will have to complete all material / lab tests from any recognized lab as recommended by the CEO / Board before processing of bills etc. at his / their own expenses.
19. The lowest bidder shall execute a contract agreement (at its own expense) with Cantonment Board Faisal which shall include addition prescribed terms and conditions and the same shall be binding on both the parties for faithful execution of the contracts.
20. Cantonment Board Faisal reserves the right to demand the analysis of the quoted rates from the concerned bidder, to check their reasonability and workability.
21. If tenders are cancelled for any reason on opening date then tenders will be opened on next working day.
22. Cantonment Executive Officer / Cantonment Board reserves the right to accept or reject all tenders (prior to approval) as per rule 33(1) of PPRA Rules 2004.
23. This tender notice is also available on PPRA's website **www.ppra.org.pk**.

striving better living standards...

PAKISTAN POLIO ERADICATION PROGRAMME

PID(K) 1534

Shahrah-e-Faisal, Karachi-08, Pakistan, Postal Code 75350.
UAN: 111-786-CBF (223) Ph: 021-99240527 Fax: 021-99240526

دین و دانش

ربا سے پاک کار فنانسنگ
حلال، فوری اور آسان...
اجارہ Car
Meezan Bank
Over 690 Branches
Over 190 Cities
Best Bank 2018
Pakistan Banking Awards
میزان بینک
پریمیئر اسلامی بینک
111-331-331 & 111-331-332 www.meezanbank.com
Follow us on

عید میلاد النبیؐ کا اصل پیغام: متحد و منظم اُمّت

اختر سردار چودھری

ہم پر ماہِ مبارک ربیع الاول جلوہ فگن ہو چکا ہے۔ یہی وہ عالی شان ماہِ مبارک ہے جس میں محسنِ کائنات و داعیِ انسانیت حضرت رسول کریم ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی تھی۔ وہ نبی کریم ﷺ جو سارے جہاں کے لیے رحمت و برکت بن کر تشریف فرما ہوئے اور انہوں نے گم راہ انسانیت کو صراطِ مستقیم پر گام زن فرمایا اور اشرف المخلوقات کا درجہ عطا فرمایا۔ یہی وہ نبی کریم ﷺ ہیں کہ جنہوں نے گم راہ انسانیت کو اللہ کی وحدانیت کا درس دیا اور اسی کی تڑپ میں امت پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے احکامات کو ہم تک پہنچایا۔ یہ نبی کریم ﷺ ہی تھے جنہوں نے ہمیں اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رہنا کہا اسی میں تمہاری فلاح و نجات ہے۔ بدقسمتی سے اب ہم دنیا کے مسلمان رہ گئے ہیں جو دل کے بھی کہیں ہیں اور ہم نے تو اپنے مسلک اور مکتب ہی کو اپنی پہچان بنا لیا ہے۔ اس زوال قوم سے پر تحمل ہے۔ آج امت مسلمہ مشکل حالات سے گزر رہی ہے۔ بدقسمتی کہ ہمیں اس نقصان کا احساس بھی نہیں ہے۔ یہی سبب ہے کہ ہم دنیا بھر میں بدترین قوم و امت اپنی واقعت کھو چکے ہیں اور کسی جگہ بھی ہماری کوئی شنوائی اور پرسانِ حال نہیں ہے۔ تکفیر، سیت دنیا بھر میں مظلوم مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا گیا ہے۔ ہمارے مسلم ممالک بھی آپس میں خانہ جنگی میں مصروف ہیں۔ مسلمان یا مومن تو وہ ہوتے ہیں جو آپس میں نرم ہوں۔ اتحاد، ایمان اور تحکیم دین کا طرۂ امتیاز ہوتا ہے۔ ہم اپنے ہی مسلمان بھائیوں کے گلے کاٹ رہے ہیں اور اللہ اور اس کے آخری نبیؐ کے پیغام کو بھول گئے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہم نے بطور مومن و مسلم اپنی پہچان ختم کر لی ہے اور فرقوں کو اپنی پہچان بنا لیا ہے۔

آئیں کہ مسلم امہ اب متحد نہیں رہی۔ اللہ کے فرمان عظیم کا مفہوم ہے: "اور جو شخص اللہ اور اس کے رسولؐ اور ایمان والوں کو دوست بنائے گا تو اللہ کی جماعت ہی غالب ہونے والی ہے۔" ہماری رسولؐ کی اصل سبب یہ ہے کہ ہم نے اسوۂ رسول ﷺ سے منہ موڑ لیا ہے۔ اس بے حسی اور بے قدری کو دور کرنے کے لیے ہمیں آپؐ کے اسوۂ مبارکہ کو اپنے لیے مشعلِ راہ بنانا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا مفہوم ہے کہ رسول اکرم ﷺ کی زندگی میں تمہارے لیے بہترین نمونہ ہے۔ بے شک رسول اللہ ﷺ کی ہی بہتر ہے۔ اس کے لیے حوالہ اور پچھلے دن کی امید رکھتا ہو اور اللہ کو بہت یاد کرے۔ آج امت میں انتشار کی بڑی وجہ صرف اپنے ہی مسلک کے حق ہونے پر شدید اصرار ہے۔ ہم اپنے بھائیوں کی تکفیل کرتے اور اس بات کو بھول گئے ہیں کہ اسلام تو سراسر سلامتی کا دین ہے۔ اس زوال قوم سے پر تحمل ہے۔ آج امت مسلمہ مشکل حالات سے گزر رہی ہے۔ بدقسمتی کہ ہمیں اس نقصان کا احساس بھی نہیں ہے۔ یہی سبب ہے کہ ہم دنیا بھر میں بدترین قوم و امت اپنی واقعت کھو چکے ہیں اور کسی جگہ بھی ہماری کوئی شنوائی اور پرسانِ حال نہیں ہے۔ تکفیر، سیت دنیا بھر میں مظلوم مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا گیا ہے۔ ہمارے مسلم ممالک بھی آپس میں خانہ جنگی میں مصروف ہیں۔ مسلمان یا مومن تو وہ ہوتے ہیں جو آپس میں نرم ہوں۔ اتحاد، ایمان اور تحکیم دین کا طرۂ امتیاز ہوتا ہے۔ ہم اپنے ہی مسلمان بھائیوں کے گلے کاٹ رہے ہیں اور اللہ اور اس کے آخری نبیؐ کے پیغام کو بھول گئے ہیں۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہم نے بطور مومن و مسلم اپنی پہچان ختم کر لی ہے اور فرقوں کو اپنی پہچان بنا لیا ہے۔

اور سیرت کو اپنایا جائے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق مضبوط بنانا چاہیے اور پوری زندگی کو سیرت اور اسوۂ رسول ﷺ کی روشنی میں گزارنے کا عہد اور جذبہ پیدا کرنا چاہیے۔

غیروں کی دل آزاری کی اجازت بھی نہیں دیتا۔ ہم اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو بھول گئے۔ مفہوم: "اے ایمان والو! تم میں سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائے گا تو تمن قریب اللہ (ان کی جگہ) ایسی قوم کو لائے گا جن سے وہ (خود) محبت فرمائے گا اور وہ اس سے محبت کرتے ہوں گے۔ وہ مومنوں پر نرم (اور) کافروں پر سخت ہوں گے۔" ربیع الاول کے اس مبارک ماہ میں آپؐ کے پیغام رسالت کو سمجھنا اور سیرت طیبہ کو اپنی عملی زندگی میں اپنانا ہی حیاتِ دنیا اور آپؐ سے اصل محبت ہے۔ آج امت مسائل کا حل اور سب سے بڑی سچائی اور حالات کا تقاضا یہی ہے کہ ہم پورے کے پورے اسلام میں داخل ہو جائیں اور رسول رحمت کی تعلیمات پر عمل کریں اور ان کو عام تک پہنچائیں۔ آپؐ سے حقیقی محبت کا تقاضا ہے کہ آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کو زندگی کا اور بنایا جائے۔ ہمیں اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق مضبوط بنانا چاہیے اور پوری زندگی کو سیرت اور اسوۂ رسول ﷺ کی روشنی میں گزارنے کا عہد اور جذبہ پیدا کرنا چاہیے۔

آج امت کے ہر فرد کو شدید ضرورت ہے کہ وہ سیرت رسول ﷺ کا مطالعہ اس نقطۂ نظر سے کرے کہ موجودہ حالات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ ہمارے لیے کیا درس فراہم کرتی ہے۔ اللہ کا ارشاد کا مفہوم ہے کہ اگر تم مومن ہو تو کام یاب ہو جاؤ گے۔ ہمیں اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لینا چاہیے اور تفرقے میں نہیں پڑنا چاہیے۔ یہ تفرقہ بازی ہی ہماری ناکامی اور زوال کا سبب ہے۔ اگر ہم نے اسوۂ رسالت مآب ﷺ پر عمل کیا تو قرآن عظیم ہمیں خوش خبری سناتا ہے: "دل فتحہ ہو، غلبہ کرو تم ہی غالب رہو گے اگر تم مومن ہو۔"

حُبِّ رسول کریم ﷺ

آمنہ محمد مصطفوی

ہر مسلمان کو اپنے دل و دماغ میں یہ بات راسخ کر لینی چاہیے کہ نبی اکرم ﷺ کی ذات اقدس اصل دین ہے۔ آپ کی محبت شرط ایمان ہے۔ جس دل میں آپ کی محبت نہیں وہ دل ہی نہیں ہے۔ مصالح الجنات میں ہے کہ حضور کی محبت سب اطاعت کی محبت کے لیے شرط اول ہے۔ ہر ذی شعور انسان پر یہ بات عیاں ہے کہ جب تک مسلمانوں کے دلوں میں محبت رسول کا خلیہ باقی تھا عزت و حکمت اور شوکت و عروج ان کا مقدر رہی اور سرکش اقوام ان کے زیر نگیں رہیں۔ لیکن جب یہ تعلق اور رشتہ کم زور ہوا تو مسلمانوں کا عروج زوال میں تبدیل ہو گیا۔ حتیٰ کہ آج مسلمانوں کی حالت ناگفتہ بہ ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس نے میری محبت کا دعویٰ کیا اسے چاہیے کہ وہ آپ کی اتباع کرے۔ رسول اکرمؐ کے جاں نثاروں کا عمل یہی رہا ہے۔ نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا: "تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو گا جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے والدین اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔" (بخاری)

ایک بار رسول اکرمؐ کی خدمت میں کسی صحابیؓ نے عرض کیا: "یا رسول اللہ ﷺ! میں سچا مومن کب بنوں گا؟" حضور اکرمؐ نے فرمایا: "تو جب اللہ تعالیٰ سے محبت کرے گا۔" اس نے عرض کیا: "میرے آقا! سچی محبت اللہ تعالیٰ سے کب ہو گی؟" آپؐ نے فرمایا: "جب تُو اس کے رسولؐ سے محبت کرے گا۔" صحابی نے عرض کیا: "اللہ تعالیٰ کے رسولؐ سے میری محبت کب ہو گی؟" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تُو ان کے طریقے پر چلے گا اور ان کی سنت کی پیروی کرے گا اور ان سے محبت کرنے والوں کے ساتھ محبت کرے گا اور ان سے بغض رکھنے والوں کے ساتھ بغض رکھے گا اور کسی سے محبت کرنے تو اس کی وجہ سے کرے اور اگر کسی سے عداوت رکھے تو اس کی وجہ سے رکھے۔" پھر آپؐ نے فرمایا: "لوگوں کا ایمان ایک جیسا نہیں مثل کہ جس کے دل میں میری محبت جتنی زیادہ ہو گی اتنا ہی اس کا ایمان قوی ہو گا۔ اس طرح لوگوں کا کفر بھی ایک جیسا نہیں مثل کہ جس کے دل میں میرے متعلق بغض جتنا زیادہ ہو گا اس کا کفر بھی اتنا ہی بڑا ہو گا۔" اس کے بعد تین مرتبہ فرمایا: "جس کے دل میں میری محبت نہیں اس کا ایمان ہی نہیں۔" (دلائل الخیرات)

رسول اکرمؐ سے محبت کرنے والا بے حد ثمرات حاصل کرتا ہے وہ تو کثیر ہیں لیکن ہم یہاں صرف چند ایک بیان کرتے ہیں۔ نبی کریمؐ سے محبت کرنے والے کو ایک فریضہ ملتا ہے کہ وہ ایمان کی علامت پا لیتا ہے۔ جیسا کہ حضرت انس بن مالکؓ سے رسول اکرمؐ نے ارشاد فرمایا: "جس شخص میں یہ تین چیزیں ہوں گی وہ ایمان کی علامت پا لے گا۔" اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ اسے ہر شے سے بڑھ کر محبوب ہوں۔ اگر کسی سے محبت کرے تو اللہ کے لیے۔ اسے کفر کی جانب لجانے کے بعد اتنا اس قدر ناپسند ہو جس طرح آگ میں جانا۔ (صحیح مسلم)

نبی کریمؐ سے محبت کرنے والے کو آخرت میں آپ کی رفاقت نصیب ہو گی۔ جیسا کہ احادیث مبارکہ میں تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ رسول کریمؐ نے فرمایا: "تم قیامت کے دن اس کے ساتھ ہو گے جس کے ساتھ تم محبت کرتے ہو۔" رسول کریمؐ کا فرمان ہے: "جس شخص نے میری سنت کو زندہ کیا، اس نے مجھ سے محبت کی اور جس شخص نے مجھ سے محبت کی، وہ میرے ساتھ جنت میں ہو گا۔"

ہر حقیقی مسلمان کو یہ بات سب سے زیادہ محبوب ہے کہ اسے اخروی کوئی پریشانی لاحق نہ ہو، جیسے محشر کی گرمی، اللہ تعالیٰ کی ناراضی، جہنم کی بھڑکتی آگ وغیرہ تو رسول اللہ ﷺ سے محبت کرنے والے کو ان تمام پریشانیوں سے نجات مل جاتی ہے۔

اسلام اور احتساب

ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب

اسلام دین فطرت اور ایک مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ چاہنے والوں کو زندگی کے تمام پہلوؤں اور جہتوں کے بارے میں مکمل راہ نمائی فراہم کرتا ہے۔ اسلام کا بنیادی مقصد معاشرے میں عدل و انصاف کا قیام اور ناانصافی و قانون شکنی کا مکمل خاتمہ ہے۔ اسلامی حکومت کی عمارت اخوت اور مساوات کی بنیادوں پر اٹھائی گئی، اس کی قوت کا انحصار دل کی محبت اور روح کی اطاعت پر تھا۔ حکومت کا آئین و قانون دین کا جزو تصور کیے جاتے تھے اور دین یوں کہ صحابہ کرامؓ کے رگ رگ میں سمایا ہوا تھا، اس لیے یہ ایک نہایت کام یاب اور مثالی حکومت ثابت ہوئی اور یہ مثالی حکومت کیوں نہ ہوتی کہ حضور اکرم ﷺ حکومت کے کارندوں اور نظام کا تقرر خود فرماتے تھے۔ ان کا تقرر ان لوگوں میں سے فرماتے جن کا تقدس، زہد اور پاکیزگی مسلم ہوتی اس کے علاوہ وہ عالم اور واعظ بھی ہوتے۔ تقرر سے پہلے آپؐ ان کا علمی اور طرز عمل کا امتحان بھی لیتے تھے۔ جب حضرت معاذؓ کا تقرر فرمایا تو اس سے پہلے ان کی ابتدائی تعلیمات کے متعلق اطمینان فرمالیا۔ ترمذی میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب معاذ بن جبلؓ کو یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا: کس چیز سے مقدمات کا فیصلہ کرو گے۔ انہوں نے کہا کہ قرآن مجید سے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس میں وہ فیصلہ تم کو نہ ملے۔ انہوں نے کہا احادیث سے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اگر احادیث میں بھی وہ مسئلہ نہ ملے تو۔ انہوں نے کہا اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا۔ آپ ﷺ نے اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا فرمایا۔

عامل کا تقرر اس کی اہلیت کی بنیاد پر کیا جاتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کوئی مسلمانوں کا حاکم مقرر ہو اور ان پر کسی کو بلا استحقاق، عنایت کے طور پر افسر بنا دے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو، اللہ تعالیٰ اس کا کوئی عذر اور فدیہ قبول نہیں کرے گا، یہاں تک کہ اس کو جہنم میں داخل کرے گا۔ عامل (حاکم) کو عام مسلمان کے مقابلے میں کوئی امتیاز حاصل نہیں تھا، سوائے اس کے کہ اس کی ذمے داریاں زیادہ تھیں۔ قانون کی نظر میں حکم ران اور عام شہریوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ عام کو عوام کی بہتری اور آسانیاں پیدا کرنے کے لیے مقرر کیا جاتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ نے حضرت معاذؓ کو یمن کی طرف روانہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: "لوگوں کے لیے آسانی پیدا کرنا، دشواری پیدا نہ کرنا اور ان کو بشارت دینا، ان کو وحشت زدہ نہ کرنا، آپس میں اتفاق رکھنا اور اختلافات نہ کرنا۔"

آپ ﷺ حکم رانوں پر کڑی نظر رکھتے تھے۔ حتیٰ کہ جب کوئی عامل (حاکم) اپنے دورے سے واپس آتا تو رسول اللہ ﷺ بہ ذات خود اس کا محاسبہ فرماتے۔ ایک مرتبہ آپ ﷺ نے ایک صحابیؓ کو وصولی کے لیے بھیجا، جب وہ واپس تشریف لائے تو آپ ﷺ نے اس کا محاسبہ خود فرمایا۔ صحابیؓ نے عرض کیا کہ یہ آپ ﷺ کا مال ہے اور یہ مجھے ہدیہ ملا ہے۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا: تم کو گھر بیٹھے ہدیے کیوں نہ ملا؟ چناں چہ ان سے وہ ہدیے لے کر بیت المال میں جمع کر دیا گیا۔ اس پر بھی تشفی نہ ہوئی۔ آپ ﷺ نے ایک عام خطبہ دیا اور تمام لوگوں کو اس قسم کا مال لینے سے سختی سے منع فرمایا۔ عمال (حکم رانوں) پر کڑی پابندی اور محاسبے کا عمل خلفائے راشدینؓ کے زمانے میں بھی جاری رہا۔ حضرت عمر فاروقؓ نے ہر ایک عامل (حاکم) کے لیے چند شرائط مقرر کر رکھی تھیں۔ مثلاً عامل ترکی گھوڑے پر سوار نہ ہو گا، باریک کپڑا نہیں پہنے گا، چھنا ہوا آٹا نہیں کھائے گا، دروازے پر دربان نہیں رکھے گا، ہر حاجت مند کے لیے دروازے ہمیشہ کھلے رکھے گا۔ حتیٰ کہ عامل (حاکم) کے تقرر کے وقت اس کے مال و اسباب (اثاثہ جات) کی فہرست تیار کر کے اپنے پاس محفوظ رکھتے، جب کسی عامل کی مالی حالت میں غیر معمولی اضافہ ہوتا، تو فوراً جائزہ لے کر آدھا مال تقسیم کر کے بیت المال میں جمع کر لیتے۔

تاریخ کی کتب میں یہ واقعہ تحریر ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنے عمال کو حکم دیا کہ وہ اپنے اثاثے کی ایک فہرست بنا کر ان کو بھیجیں دیں۔ انہی عمال میں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بھی تھے۔ جب انہوں نے اپنے اثاثوں کی فہرست بنا کر بھیجی تو حضرت عمرؓ نے ان کے مال میں غیر معمولی اضافہ دیکھ کر ان کے مال کے دو حصے کر کے ایک حصہ ان کے لیے چھوڑ دیا اور ایک حصہ بیت المال کے لیے لے لیا۔ (تاریخ الخلفاء)

اگر عمال کے خلاف کوئی عام آدمی بھی شکایت کرتا تو اس کا فوراً ازالہ کیا جاتا۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے حضرت عمرؓ سے شکایت کی کہ آپ کے فلاں عامل نے مجھے بے قصور کوڑے مارے ہیں۔ آپؓ نے تحقیق کرائی جب الزام ثابت ہوا تو حکم دیا کہ مجمع عام میں اس عامل کو کوڑے مارے جائیں۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک عادت کریمہ یہ بھی تھی کہ عمال کے انتخاب اور تقرری میں اپنے قبیلے کے کسی شخص کو کوئی عہدہ نہیں دیتے تھے۔ اسی طرح ہر عامل کے تقرر کے وقت اسے ایک اعلان کرنا پڑتا جس میں اس کے اختیارات کی تفصیل ہوتی تھی۔ جہاں وہ مقرر ہو کر جاتا تھا، وہاں یہ اعلان مجمع عام میں پڑھ کر سنایا جاتا، تاکہ کوئی عامل اپنی حدود سے تجاوز نہ کرے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت ایک مثالی دور ہے۔ موجودہ حکم ران بھی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ان سنہری اصولوں پر عمل کر کے پاکستان کو ایک مثالی اسلامی فلاحی ملک بنا سکتے ہیں۔

لڑکی لڑکے کی رشتیداری کے
لیئے ھم سے رابطہ کریں
مزید تفصیلات کے لیئے اس
نمبر پر کال یا واٹس ایپ
کریں
FM MARRIED
BURROW نام ہی کافی
ہے صرف اس نمبر پر رابطہ
03173639927 کریں

کاروباری حضرات کے لیئے خوشخبری

آپ اپنی کاروباری اشتھارات بلکل مناسب ریٹ میں

مندرج ذیل طریقے سے اپنے کاروبار کا نام روشن کریں

ایف ایم یوٹرچوائس واٹس ایپ گروپ کی ہر پی ڈی ایف فائل کی آخر میں اپنا اشتھار لگوائیں لاکھوں واٹس ایپ ممبرز ایک دن میں آپ کا اشتھار پڑھینگے

سندھ کی کسی بھی ریڈیو اسٹیشن پر۔پاکستان کی کسی بھی اخبار یا کسی بھی ٹی وی پر اپنا کاروباری اشتھارات لگوانے / چلوانے کے لیئے ھم سے رابطہ کریں گھر بیٹھے اپنے کاروبار کا نام روشن کریں

مزید معلومات کے لیئے امان اللہ

03053028815#03082969945

ایف ایم ٹی وی فیس بک پیج کو لائک کریں
مزید خبریں لرنگ ویڈیوز دیکھتے رہیں

FM TV
Yesterday at 9:46 PM
like
عرفان بلوچ ڈی آئے جی لاڑکانہ کی پریس کانفرنس
FM TV
FM GROUP W
عرفان بلوچ میڈیا کانفرنس کر رہے ہیں

ایف ایم ٹی کو ملک بہر سے میل فیمیل
رپورٹرز درکار ہیں رابطہ کریں واٹس ایپ یا کال

03082969945

03053028815